* مصائب سے نجات کا بہترین نسخہ * جادو کا شفائی علاج * بیماری یا کمزوری کو دور کرنے کا نسخہ
* حصول نعمت کے لیے مجرب عمل * ہر درد سے شفا حاصل کرنے کا نسخہ * یرقان کا روحانی علاج
* بدنامی سے بچنے کا عمدہ نسخہ * دشمن سے حفاظت کا نسخہ * مع سولہ آیاتِ حفاظت



عملیات اسماء الحسنیٰ

مع

روحانی نسخے

انتخاب و ترتیب

حضرت مولانا محمد یونس صاحب پالن پوری

عملیاتِ اسماءُ الحسنیٰ

مع

رُوحانی نُسخے

انتخاب و ترتیب

حضرت مولانا محمد یونس صاحب پالن پوریؒ

تبلیغی دینی کتابوں کا شاہی مرکز

مکتبہ خلیل

یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

فہرست مضامین

QureshiRW

روحانی مجربات

حضرت مولانا محمد عمر صاحب پالن پوری رحمہ اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسماء حسنیٰ کا تذکرہ

اس میں اسماء حسنیٰ پڑھنے والوں کے لئے اہم ہدایات'
اسماء حسنیٰ کے معانی اور فوائد کا خاص تذکرہ ہے

انتخاب وترتیب

حضرت مولانا محمد یونس صاحب پالن پوری

خلف الرشید

مبلغ اعظم حضرت مولانا محمد عمر صاحب پالن پوری

تصحیح ونظر ثانی

حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب پالن پوری

استاذ حدیث وفقہ دار العلوم دیو بند

سورۂ اعراف میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا﴾

(الاعراف : ۱۸۰)

ترجمہ: اور اللہ کے لئے اچھے اچھے نام ہیں، سو تم (ہمیشہ) اس کو اچھے ناموں سے پکارو!"

*****

بخاری اور مسلم شریف میں حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا: مِائَةً اِلَّا وَاحِدَةً، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ" (مشکوٰۃ شریف : ص ۱۹۹)

ترجمہ: "بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے (۹۹) یعنی ایک کم سو (۱۰۰) نام ہیں، جس نے ان کو محفوظ کر لیا (یعنی ان کو یاد کیا اور ان پر ایمان لایا) وہ جنت میں پہنچ گیا۔"

اسماءِ حسنیٰ پڑھنے والوں کے لئے اہم ہدایات

(۱) انسان اپنی فطری کمزوری کی وجہ سے ترغیب کا محتاج ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ جب اسے پتہ چلتا کہ میرے پیارے رب کے پیارے نام ہیں اور اس نے ان ناموں کے ذریعہ خود کو پکارنے اور مانگنے کا حکم دیا ہے اور حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو ان ناموں کو یاد کر لے گا' جنت میں جائے گا۔ تو فوراً ان ناموں (اسماءِ حسنیٰ) میں مگن ہو جاتا' اور اپنی زندگی کے ہر سانس کو ان ناموں کے ذکر سے معطر کر کے ان خزانوں کو پالیتا جو ان ناموں کے اندر چھپے ہوئے ہیں۔

مگر اکثر انسان ایسا نہیں کرتے۔ ان ہی کی ترغیب کے لئے اسماءِ حسنیٰ کے کچھ خواص جمع کر دیئے گئے ہیں۔ یہ خواص قرآن و سنت سے ماخوذ نہیں ہیں۔ بلکہ ماضی میں اللہ والوں نے ان پیارے ناموں سے جو منافع کمائے انہوں نے ان کو لکھ دیا' تا کہ دوسرے لوگ بھی ان منافع کو حاصل کر سکیں۔ یہ خواص اسماءِ حسنیٰ کے فوائد کا

احاطہ کر سکتے، بلکہ یہ تو ایسا ہے جس طرح جنت کے پھلوں کو سونگھا کر جنت کی ترغیب دی جائے، خوشبو اپنی جگہ مگر ذائقہ یقیناً اس سے بڑھ کر ہوتا ہے، پس یہ خواص خوشبو کی طرح ہیں، مگر جو یقین وایمان کے ساتھ ان اسماء کو پڑھے گا وہ ان شاء اللہ اس ذائقے کو پالے گا۔ جو خوشبو سے بہت افضل اور اعلیٰ ہے۔

❀❀❀❀

(۲) اسماء حسنیٰ کے بعض خواص کو دیکھ کر لوگ حیرانی سے پوچھتے ہیں کہ چند بار یہ نام پڑھ کر اتنا بڑا فائدہ کیسے حاصل ہو سکتا ہے؟ ایسے لوگوں کے لئے بس اتنی گزارش ہے کہ وہ دوبارہ اپنے دل کو یہ بات یاد دلائیں کہ آخر یہ نام کس ذات کے ہیں؟ کیا اس سے بڑھ کر یا اس سے بڑی بھی کوئی چیز ہے؟ نہیں! ہرگز نہیں! تو پھر شک، شبہ اور خلجان کی کیا بات ہے؟ بے شک اسماء حسنیٰ کے ورد سے ان خواص سے بڑھ کر فوائد ملتے ہیں کوئی کر کے تو دیکھے۔

❀❀❀❀

(۳) عدد اور تعداد کا اپنا ایک اثر ہے۔ حکیم کا نسخہ پڑھیں، چھٹانک، تولے اور ماشے کے فرق سے دوا کی تاثیر بدل جاتی ہے

حالانکہ چیز وہی ہوتی ہے مگر مقدار اور وزن اس کے اثر کو تبدیل کر دیتے ہیں۔

ایک انسان کوئی بات ایک بار سن کر یاد کر لیتا ہے مگر دوسرے انسان کو یہی بات تین بار سننے سے یاد ہوتی ہے۔ حالانکہ زبان اور کان ایک جیسے ہیں' ایک شخص کتنی قوت برداشت رکھتا ہے؟ اس کا تعلق بھی بعض اوقات عدد اور مقدار سے ہوتا ہے۔ اسی طرح گرمی' سردی' آگ اور پانی کے درجہ حرارت اور درجہ برودت (ٹھنڈک) کے اپنے آثار ہوتے ہیں آج کل کے ریڈیائی آلات بھی عدد اور مقدار کے اثر کا برملا اعلان کرتے ہیں۔

حضور اکرم ﷺ نے بعض دعاؤں اور کلمات کے ساتھ ان کی تعداد بھی متعین فرمائی ہے' جو عدد اور مقدار کے مؤثر ہونے کی قوی' مضبوط اور معتبر دلیل ہے۔

❀❀❀❀

۴ انسانوں نے دین و دنیا کو الگ الگ کر دیا جب کہ اسلام میں دونوں اکٹھے چلتے ہیں۔ پس جن اسماء کے خواص میں کچھ دنیاوی فوائد لکھے ہیں ان کے ساتھ ان اسماء میں بے شمار دینی فوائد بھی ہیں۔

اسی طرح جن اسماء کے دینی خواص لکھے ہیں ان کے ورد میں بے شمار دنیاوی فوائد بھی ہیں۔

❀❀❀❀

۵ اللہ تعالیٰ مومن کو وہ دین دیتا ہے جس میں دنیا کی بھلائی بھی ہوتی ہے اور اسے وہی دنیا دیتا ہے جو اس کے دین کے لئے نافع ہوتی ہے۔

❀❀❀❀

۶ نفع دینا اور نقصان سے بچانا یہ سب صرف اور صرف اللہ کے قبضہ قدرت میں ہے۔ اس لئے وہی ورد، وظیفہ و دعا پر اثر ہوتی ہے جس کا مقصد اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا ہو۔ باقی خواص کا درجہ ثانوی ہے، اللہ تعالیٰ راضی ہوگا تو سارے خواص و فوائد نصیب ہوں گے۔ لیکن اگر وہ راضی نہ ہوا تو پھر کیا ورد؟ کیا وظیفہ؟ اور کیا خواص؟

❀❀❀❀

۷ پاک چیزوں کو ناپاک مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے تو سوائے ہلاکت کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا کھانا کتنا ہی قیمتی کیوں نہ ہو، اگر ناک میں ڈالا جائے یا کان میں گھسایا جائے تو وہ فائدہ نہیں

نقصان دے گا' اسی طرح اسماء حسنیٰ کے ذریعے ناپاک مقاصد حاصل کرنے والے اپنی تباہی کے سوا اور کچھ نہیں پاتے۔ لہٰذا اس بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہئے اور اس کے ناموں کے ذریعہ اپنی اصلاح کرنی چاہیے۔

(۸) خاص خاص مقاصد کے لئے خاص خاص اسماء پڑھنا کچھ برا نہیں، لیکن کام کی بات یہ ہے کہ پہلے ان اسماء کو اختیار کیا جائے جو نفس کی اصلاح' مخلوق سے بے نیازی اور محبت الٰہی کے خصوصی خواص رکھتے ہیں پھر باقی اسماء کو پڑھا جائے اور اس بات کو ہرگز نہ بھلایا جائے کہ یہ سارے اسماء اعلیٰ وارفع ہیں اس لئے ان تمام کے ورد سے غفلت نہ کی جائے بلکہ نثر یا نظم کی صورت میں تمام اسماء کے ورد کو معمولی بنایا جائے۔

(۹) یہ سارے اسماء گھر کے بچوں کو بھی یاد کرائے جائیں اور ان کے ذکر سے اپنے گھروں اور محفلوں کو ایمانی نور اور روحانی سکون بخشا جائے۔

(۱۰) گناہوں کے مارے اور مصیبتوں کے پسے ہوئے پریشان حال، دکھی اور زخم خوردہ مسلمان، جنہیں ایک طرف ان کا اژدہا صفت نفس امارہ ہر گھڑی ڈستا ہے اور انہیں ذلت و پستی کے گڑھوں میں ہر آن گھسیٹتا ہے دوسری طرف شیطان ان پر ہر دم اپنے سوار اور پیادہ دوستوں کے ذریعے حملہ آور ہوتا ہے اور ان کو اسلام اور انسانیت کے سیدھے راستے سے ہٹا کر ظلم، تکبر، شہوت پرستی، بد فعلی، حرام خوری، حرام کاری اور حرام بینی کے جہنمی راستوں کی طرف کھینچتا ہے، اور انہیں اپنی خلقت و فطرت تک تبدیل کرنے اور حزب الشیطان کے ناری ٹولے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہے، نفس اور شیطان کی مار سے خستہ حال ان مسلمانوں کو دنیوی مصائب، پریشانیاں، فقر و فاقہ اور ذلت بھی اپنا شکار بناتی ہے یہ بے چارے کہاں جائیں؟!

یہ مجموعہ اسی سوال کا جواب ہے انسان کو پیدا کرنے والا اس سے محبت کرنے والا اللہ جل شانہ جو رحیم بھی ہے اور کریم بھی ہے، قوی بھی ہے اور رحمان بھی ہے، ودود بھی ہے اور قیوم بھی ہے اس درماندہ، پریشان حال، زخم خوردہ، دکھی اور خستہ حال انسان کو تھام سکتا ہے۔ بندہ ذرا ادھر توجہ کر کے تو دیکھے اور اسماء حسنٰی کے خوبصورت

باغ کی سیر تو کرے، ان شاء اللہ ہر قدم پر چونکے گا اور خوشی سے مست ہو کر اس باغ کے پھلوں، پھولوں اور سیر گاہوں سے سکون پائے گا، ہر لمحہ سیر ہو گا اور جتنا سیر ہوتا جائے گا، اسی قدر اس کی روحانی تشنگی بڑھتی چلی جائے گی۔ کاش بندے اسماء حسنیٰ کو یاد کریں!!

صفات خداوندی کا جاننا کیوں ضروری ہے؟

قرآن کریم میں اسماء حسنیٰ اور صفات خداوندی کو جگہ جگہ نہایت وضاحت اور شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، کیونکہ اس کے بغیر خالق کائنات کی معرفت حاصل نہیں ہو سکتی جو انسانوں کی اصلاح کے لئے سب سے زیادہ سودمند اور مفید چیز ہے۔ مثلاً جو لوگ یہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ رزاق ہیں وہ اللہ تعالیٰ کو ماننے کے باوجود بہت سی چیزوں کو رزاق سمجھنے لگتے ہیں، کوئی باپ کو، کوئی شوہر کو، کوئی بادشاہ کو رزاق خیال کرتا ہے، تو کوئی کھیتی اور دکان کو رزاق سمجھتا ہے۔ اسی طرح جو لوگ یہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ "شَدِيْدُ الْعِقَابُ" اور "ذُوْالطَّوْلَ" ہیں۔

وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے کے باوجود جرائم پیشہ ہو جاتے ہیں

اور گناہوں سے باز نہیں آتے، اور جو لوگ یہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ "غَفُوْرٌ رَّحِیْم" اور "اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ" ہیں وہ رحمت خداوندی سے نا امید اور مایوس ہو جاتے ہیں، اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اتنے بڑے پاپی ہیں کہ ہماری ہرگز بخشش نہیں ہو سکتی، پھر وہ بے لگام ہو جاتے ہیں۔

الغرض اسماء الٰہی اور صفات خداوندی کی معرفت کے بغیر انسانوں کی اصلاح اور نفوس کا تزکیہ نہیں ہو سکتا اس لئے صفات خداوندی کا جاننا نہایت ضروری ہے۔

اسماءِ حسنیٰ کی تعداد اور ان کو یاد کرنے کا عظیم ترین فائدہ

بخاری اور مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہؓ کی یہ روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((اِنَّ لِلّٰہِ تَعَالٰی تِسْعَۃً وَّ تِسْعِیْنَ اِسْمًا: مِائَۃً اِلَّا وَاحِدَۃً، مَنْ اَحْصَاھَا دَخَلَ الْجَنَّۃَ)) (مشکوٰۃ شریف: ص ۱۹۹)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے (۹۹) یعنی ایک کم سو (۱۰۰) نام ہیں، جس نے ان کو محفوظ کرلیا (یعنی ان کو یاد کیا اور ان پر ایمان لایا) وہ جنت میں پہنچ گیا۔"

یہاں یہ جان لینا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے صرف ننانوے (۹۹) نام نہیں ہیں۔ قرآن وحدیث میں ان ناموں کے علاوہ اور بھی بہت سے اچھے اچھے نام ہیں، نیز دیگر آسمانی کتابوں میں بھی اللہ تعالیٰ کے کئی نام بیان کیے گئے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے کچھ نام ایسے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا بخاری اور مسلم شریف کی مذکورہ بالا روایت میں صرف ان ناموں کا اجمالی تذکرہ ہے جن کو محفوظ کرنے والا جنت کا مستحق بن جاتا ہے، اس لئے یہ مانتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ کے بے شمار نام اور صفات ہیں ان ناموں کو محفوظ کرنے کی پوری کوشش کرنی چاہیے، یعنی سمجھ کر ان ناموں کو یاد کرنا چاہیے، اور اللہ تعالیٰ کو ان اوصاف وکمالات کے ساتھ متصف جانا اور ماننا چاہئے تاکہ آپ کا عقیدہ درست ہو، نیز ان ناموں کو بار بار پڑھنا چاہئے اور ان کا خوب ورد کرنا چاہئے تاکہ آپ فضائل اور اوصاف حمیدہ سے آراستہ اور رذائل وگناہوں سے پاک صاف ہو جائیں،

یہی ان ناموں کو یاد کرنے کا سب سے بڑا فائدہ ہے' اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہم سب کو رذائل سے پاک اور فضائل سے آراستہ فرما کر جنت الفردوس نصیب فرمائیں! آمین یا رب العالمین!

ترمذی شریف کی روایت اور اس کا ترجمہ

بخاری اور مسلم شریف کی روایت میں اللہ تعالیٰ کے جن ناموں کا اجمالی تذکرہ ہے اس کی تفصیل ترمذی شریف کی روایت میں ہے اس لئے پہلے ترمذی شریف کی روایت اور اس کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے' پھر نام کے معنی اور اس کے خواص ذکر کیے جائیں گے' ان شاء اللہ العزیز۔

"عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ للّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰی تِسْعَةً وَّ تِسْعِیْنَ اِسْمًا' مِائَةً غَیْرَ وَاحِدَةٍ مَنْ اَحْصَاهَادَخَلَ الْجَنَّةَ۔

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ۔ الرَّحِیْمُ۔ اَلْمَلِكُ۔ اَلْقُدُّوْسُ۔ اَلسَّلَامُ۔ اَلْمُؤْمِنُ۔ اَلْمُهَیْمِنُ۔ اَلْعَزِیْزُ۔ اَلْجَبَّارُ۔ اَلْمُتَکَبِّرُ۔ اَلْخَالِقُ۔ اَلْبَارِئُ۔

الْمُصَوِّرُ۔ الْغَفَّارُ۔ الْقَهَّارُ۔ الْوَهَّابُ۔ الرَّزَّاقُ۔
الْفَتَّاحُ۔ الْعَلِيْمُ۔ الْقَابِضُ۔ الْبَاسِطُ۔ الْخَافِضُ۔
الرَّافِعُ۔ الْمُعِزُّ۔ الْمُذِلُّ۔ السَّمِيْعُ۔ الْبَصِيْرُ۔ الْحَكَمُ۔
الْعَدْلُ۔ اللَّطِيْفُ۔ الْخَبِيْرُ۔ الْحَلِيْمُ۔ الْعَظِيْمُ۔
الْغَفُوْرُ۔ الشَّكُوْرُ۔ الْعَلِيُّ۔ الْكَبِيْرُ۔ الْحَفِيْظُ۔
الْمُقِيْتُ۔ الْحَسِيْبُ۔ الْجَلِيْلُ۔ الْكَرِيْمُ۔ الرَّقِيْبُ۔
الْمُجِيْبُ۔ الْوَاسِعُ۔ الْحَكِيْمُ۔ الْوَدُوْدُ۔ الْمَجِيْدُ۔
الْبَاعِثُ۔ الشَّهِيْدُ۔ الْحَقُّ۔ الْوَكِيْلُ۔ الْقَوِىُّ۔
الْمَتِيْنُ۔ الْوَلِیُّ۔ الْحَمِيْدُ۔ الْمُحْصِى۔ الْمُبْدِئُ۔
الْمُعِيْدُ۔ الْمُحْيِي۔ الْمُمِيْتُ۔ الْحَیُّ۔ الْقَيُّوْمُ۔
الْوَاجِدُ۔ الْمَاجِدُ۔ الْوَاحِدُ۔ الْاَحَدُ۔ الصَّمَدُ۔
الْقَادِرُ۔ الْمُقْتَدِرُ۔ الْمُقَدِّمُ۔ الْمُؤَخِّرُ۔ الْاَوَّلُ۔
الْاٰخِرُ۔ الظَّاهِرُ۔ الْبَاطِنُ۔ الْوَالِیْ۔ الْمُتَعَالِ۔ الْبَرُّ۔
التَّوَّابُ۔ الْمُنْتَقِمُ۔ الْعَفُوُّ۔ الرَّءُوْفُ۔ مٰلِكُ
الْمُلْكِ۔ ذُوالْجَلَالِ۔ وَالْاِكْرَامِ۔ الْمُقْسِطُ۔ الْجَامِعُ۔

الْغَنِيُّ۔ الْمُغْنِي۔ الْمَانِعُ۔ الضَّآرُّ۔ النَّافِعُ۔ النُّوْرُ۔ الْهَادِي۔ الْبَدِيْعُ۔ الْبَاقِي۔ الْوَارِثُ۔ الرَّشِيْدُ۔ الصَّبُوْرُ۔ (ترمذی شریف: جلد۲ صفحہ۱۸۹)

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے (۹۹) ایک کم سو (۱۰۰) نام ہیں، جس نے ان ناموں کو محفوظ کیا وہ جنت میں پہنچ گیا:

۱ وہی اللہ یعنی حقیقی معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ۲ بڑا مہربان ہے ۳ نہایت رحم والا ہے ۴ تمام جہانوں کا بادشاہ ہے ۵ نہایت پاک ۶ اور تمام عیوب و کمزوریوں سے سالم ہے ۷ امن و امان دینے والا ہے ۸ تمام مخلوق کی نگہبانی کرنے والا ہے ۹ کامل غلبہ والا ہے، کبھی کسی سے مغلوب نہیں ہوتا ۱۰ بگڑے ہوئے کاموں اور حالات کو درست کرنے والا ۱۱ بڑی عظمت والا ہے ۱۲ جان ڈالنے والا ۱۳ اور پیدا کرنے والا ہے ۱۴ صورت بنانے والا ہے ۱۵ بہت معاف کرنے والا ہے ۱۶ سب کو قابو میں رکھنے والا ہے ۱۷ بہت دینے والا ہے ۱۸ خوب

روزی پہنچانے والا ہے ۱۹ فتح بخش اور رزق ورحمت کے دروازے
کھولنے والا ہے ۲۰ خوب جاننے والا ہے ۲۱ روزی تنگ کرنے
والا ۲۲ اور روزی کشادہ کرنے والا ہے ۲۳ (نافرمانوں کو) پست
کرنے والا ۲۴ (اور نیکو کاروں کو) بلند کرنے والا ہے ۲۵
(مسلمانوں کو) عزت دینے والا ۲۶ (اور کافروں کو) ذلیل ورسوا
کرنے والا ہے ۲۷ خوب سننے والا ۲۸ سب کو دیکھنے والا ۲۹ اور
سب کا حاکم ہے ۳۰ نہایت انصاف پرور ۳۱ بڑا باریک بیں اور
بندوں پر نرمی کرنے والا ہے ۳۲ بڑا باخبر ۳۳ بڑا بردبار ۳۴ اور
عظمت والا ہے ۳۵ بہت بخشنے والا ۳۶ اور بڑا قدرداں یعنی
تھوڑے عمل پر بہت زیادہ ثواب دینے والا ہے ۳۷ بہت بلند ۳۸
اور بہت بڑا ہے ۳۹ سب کی حفاظت کرنے والا ۴۰ اور غذا بخش
ہے ۴۱ حساب لینے والا ۴۲ بڑی شان والا ۴۳ بڑا سخی ۴۴ اور خوب
نگہبانی کرنے والا ہے ۴۵ سب کی دعائیں سننے اور قبول کرنے والا
ہے ۴۶ بڑی وسعت والا ۴۷ اور بڑی حکمت کرنے والا ہے
۴۸ (نیک بندوں سے) بے حد محبت کرنے والا ۴۹ بڑا بزرگ اور

﴿۵۰﴾ مردوں کو زندہ کرنے والا ہے ﴿۵۱﴾ حاضر و ناظر ﴿۵۲﴾ اور ثابت و
برحق ہے ﴿۵۳﴾ بڑا کارساز ﴿۵۴﴾ بڑی قوت والا ﴿۵۵﴾ اور مضبوط اقتدار
والا ہے ﴿۵۶﴾ (نیکوکاروں کا) مددگار ﴿۵۷﴾ تمام خوبیوں کا مالک ﴿۵۸﴾
خوب شمار کرنے والا اور گھیرنے والا ہے ﴿۵۹﴾ پہلی بار پیدا کرنے والا
﴿۶۰﴾ اور دوبارہ زندہ کرنے والا ہے ﴿۶۱﴾ زندگی بخشنے والا ﴿۶۲﴾ اور موت
دینے والا ہے ﴿۶۳﴾ ہمیشہ زندہ رہنے والا ﴿۶۴﴾ اور خوب تھامنے والا ہے
﴿۶۵﴾ ایسا غنی و بے نیاز ہے کہ کسی چیز کا محتاج نہیں ﴿۶۶﴾ بزرگی والا ﴿۶۷﴾
اپنی ذات و صفات میں یکتا ﴿۶۸﴾ بڑا بے نیاز ﴿۶۹﴾ اور بڑی قدرت والا
ہے ﴿۷۰﴾ قدرت کاملہ رکھنے والا ﴿۷۱﴾ (نیکوکاروں کو) آگے کرنے
والا ﴿۷۲﴾ (اور بدکاروں کو) پیچھے کرنے والا ﴿۷۳﴾ سب سے پہلا ﴿۷۴﴾
سب سے پچھلا ﴿۷۵﴾ خوب نمایاں ﴿۷۶﴾ اور نہایت پوشیدہ ہے
﴿۷۷﴾ سب پر حکومت کرنے والا ﴿۷۸﴾ بہت بلند و برتر ﴿۷۹﴾ اور نیک
سلوک کرنے والا ﴿۸۰﴾ توبہ قبول کرنے والا ﴿۸۱﴾ بدلہ لینے والا ﴿۸۲﴾
بہت معاف کرنے والا ﴿۸۳﴾ اور خوب شفقت کرنے والا ﴿۸۴﴾ سارے
جہاں کا مالک ﴿۸۵﴾ عظمت و جلال اور انعام و اکرام والا ہے ﴿۸۶﴾ عدل

وانصاف کرنے والا ہے ﴿۸۷﴾ (قیامت کے دن) سب کو جمع کرنے والا ہے ﴿۸۸﴾ بڑا بے نیاز ﴿۸۹﴾ (اور بندوں کو) بے نیاز کرنے والا ہے ﴿۹۰﴾ (ہلاکت کے اسباب کو) روکنے والا ﴿۹۱﴾ نقصان پہنچانے والا ﴿۹۲﴾ اور نفع پہنچانے والا ہے ﴿۹۳﴾ نہایت روشن اور سارے جہان کو روشن کرنے والا ہے ﴿۹۴﴾ ہدایت دینے والا ﴿۹۵﴾ بغیر نمونہ کے پیدا کرنے والا ﴿۹۶﴾ اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے ﴿۹۷﴾ تمام چیزوں کا وارث مالک ہے ﴿۹۸﴾ سب کا راہنما اور سب کو راہ راست دکھانے والا ہے ﴿۹۹﴾ بہت برداشت کرنے والا اور بڑا صابر ہے۔

(ترمذی شریف' ابواب الدعوات: جلد۲ صفحہ ۱۸۹)

نوٹ: اگر کوئی عربی اسماء حسنٰی پڑھنے سے عاجز ہو تو ان کا ترجمہ سمجھ کر پڑھ لیا کرے' اور اللہ تعالیٰ کو ان اوصاف کے ساتھ متصف جانے اور مانے ان شاء اللہ اس کو بھی اسماء حسنٰی کے فوائد و برکات حاصل ہوں گے۔

محمد امین پالن پوری

اسماء حسنٰی کے معانی اور خواص

ترمذی شریف کی روایت میں جو اسماء حسنٰی اور صفات خداوندی مذکور ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے جن ناموں کے بارے میں رسول اکرام ﷺ کا ارشاد ہے کہ: جس نے ان مبارک ناموں کو یاد کیا وہ جنت میں پہنچ گیا، ان میں سے ہر ایک کے معنی اور خواص الگ الگ لکھتا ہوں، تاکہ آپ ان ناموں کے فوائد و برکات جان کر ان کا خوب ورد کریں اور جنت میں پہنچ جائیں۔

❁❁❁❁

ترمذی شریف میں ننانوے (۹۹) نام ہیں لیکن مشکوٰۃ شریف کے بعض نسخوں میں الواحد، اور بعض نسخوں میں الاحد ہے اس لئے میں نے الاحد کے معنی اور اس کے خواص بھی لکھ دیئے ہیں تاکہ پورے سو (۱۰۰) نام ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے ناموں کے فوائد و برکات سے نوازے! آمین یارب العالمین!

❁❁❁❁

نوٹ:...... اسماء حسنٰی کے فوائد و برکات سے وہی حضرات پورے

طور پر فائدہ اٹھاتے ہیں جو ان اسماء کے معانی جانتے ہیں، اللہ تعالیٰ کو ان اوصاف کے ساتھ متصف جانتے اور مانتے ہیں، اور ذات و صفات میں اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے، اسی لئے تمام اسماء حسنیٰ کے معانی لکھے گئے ہیں تاکہ آپ ان اسماء حسنیٰ کے معانی جان کر اللہ تعالیٰ کو ان اوصاف کے ساتھ متصف مانیں اور اپنا ایمان مضبوط کریں۔ اور شرک جلی و خفی سے اپنے ایمان کو پاک رکھیں

١ اَللّٰہُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

هُوَ اللّٰہُ جَلَّ جَلَالُہٗ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ	یہ ذاتی نام ہے' معبود برحق' خدا تعالیٰ' معبود حقیقی

خواص دس ہیں:

١ روزانہ ایک ہزار (١٠٠٠) بار پڑھنے سے کمال یقین نصیب ہوتا ہے۔

٢ جمعہ کے دن نماز جمعہ سے پہلے پاک وصاف ہو کر خلوت میں پڑھنے سے مقصود آسان ہو جاتا ہے خواہ کیسا ہی مشکل ہو۔

٣ جس مریض کے علاج سے اطباء عاجز آ گئے ہوں اس پر پڑھا جائے تو اچھا ہو جاتا ہے بشرطیکہ موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

٤ ہر نماز کے بعد سو (١٠٠) بار پڑھنے والا صاحب باطن وصاحب کشف ہو جاتا ہے۔

٥ چھیاسٹھ (٦٦) بار لکھ کر دھو کر مریض کو پلانے سے اللہ تعالیٰ

شفا عطا فرماتا ہے' خواہ آسیب کا اثر کیوں نہ ہو۔

٦ آسیب زدہ کے لئے کسی برتن پر (اَللّٰهُ) اس برتن کی گنجائش کے بقدر لکھ کر اس کا پانی آسیب زدہ پر چھڑکیں تو اس پر مسلط شیطان جل جاتا ہے۔

٧ جو شخص (اَللّٰهُ) کا محبت الٰہی کی وجہ سے ذکر کرے گا اور شک نہیں کرے گا وہ صدیقین میں سے ہو گا۔

٨ جو ہر نماز کے بعد سات (٧) بار: (هُوَ اللّٰهُ الرَّحِيْمُ) پڑھتا رہے گا اس کا ایمان سلب نہیں ہو گا اور وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

٩ جو شخص ایک ہزار (١٠٠٠) بار (يَا اَللّٰهُ يَا هُوَ) پڑھے گا اس کے دل میں ایمان اور معرفت کو مضبوط کر دیا جائے گا۔

٩ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر قبلہ رخ بیٹھ کر مغرب تک ﴿يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ﴾ پڑھتا رہے گا' پھر اللہ تعالیٰ سے جو چیز مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو عطا فرمائیں گے۔

۲ اَلرَّحْمٰنُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلرَّحْمٰنُ جل جلالہ	بڑا مہربان، زبردست رحمت والا۔ یہ صرف اللہ تعالیٰ کا وصف خاص ہے، غیر اللہ کے لئے یہ وصف جائز نہیں

خواص چھ ہیں:

۱ ہر نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھنے سے قلب کی غفلت اور نسیان دور ہو جاتا ہے۔ اور دنیا کے معاملات میں مدد کی جاتی ہے۔

۲ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے والا ہر امر مکروہ سے محفوظ رہتا ہے۔

۳ اسے لکھ کر اور دھو کر کر پلانے سے گرم بخار سے شفا نصیب ہوتی ہے۔

۴ جو کوئی اس اسم کو صبح کی نماز کے بعد دو سو اٹھانوے (۲۹۸) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر بہت رحم فرمائے گا۔

۵ جو کوئی اکتالیس (۴۱) دن تک روزانہ اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر دنیا

رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَیَا رَحِیْمَھُمَا﴾ پڑھے گا اس کی ضروری حاجت پوری ہو جائے گی۔

۱ جو کسی جابر حاکم کے پاس جاتے وقت ﴿یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ﴾ پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ظالم کے شر سے بچا لیتے ہیں۔ اور خیر عطا فرماتے ہیں۔

۳ اَلرَّحِیْمُ کے معنی اور اس کے خواص

الرحیم جل جلالہ	نہایت رحم والا

خواص دس ہیں:

۱ جو شخص ہر روز سو (۱۰۰) بار پڑھنے کا معمول بنائے اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت نصیب ہوتی ہے اور لوگوں کے قلوب اس کے لئے نرم ہو جاتے ہیں۔

۲ جو اس کا کثرت سے ورد کرتا ہے وہ مستجاب الدعوات بن جاتا ہے اور زمانے کے مصائب سے محفوظ رہتا ہے۔

۳ جو کسی جابر حکمراں کے پاس جاتے وقت ﴿یَا رَحْمٰنُ یَا

رَحِیۡمُ﴾ پڑھتا جائے اللہ تعالیٰ اسے ظالم کے شر سے بچا لیتے ہیں۔اور خیر عطا فرماتے ہیں۔

④ جو کوئی ہر روز یہ اسم پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے گا دولت پائے گا' اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس پر مہربان و شفیق ہوگی۔

⑤ جو اس اسم کو صبح کی نمار کے بعد (۱۰۰) بار پڑھے اس پر اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق مہربانی اور شفقت کرے گی۔

⑥ جو اسے صبح کی نماز کے بعد پانچ سو پچپن (۵۵۵) بار پڑھتا رہے وہ ہر حاجت سے غنی رہے گا۔

⑦ جو ﴿یَا رَحۡمٰنَ الدُّنۡیَا وَرَحِیۡمَهَا﴾ اکتالیس (۴۱) روز تک پڑھے اس کی حاجت پوری ہوگئی۔

⑧ جو شخص اسے روزانہ سو (۱۰۰) بار پڑھے اس کے دل میں رقت اور شفقت پیدا ہو جاتی ہے۔یعنی یہ دل کی قساوت (سختی) کا علاج ہے۔

⑨ جس کسی کو کسی ناگوار کام کا اندیشہ ہو وہ ﴿اَلرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ﴾ کو کثرت سے پڑھے' ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔

⑩ اگر اسے لکھ کر پانی سے دھو کر پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈالا

جائے تو پھل میں برکت ہوتی ہے۔

﴿۴﴾ اَلْمَلِکُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمَلِکُ جل جلالہ	سارے جہان کا بادشاہ

خواص سات ہیں:

1. جو شخص اس اسم کو زوال کے وقت ایک سو بیس (۱۲۰) بار پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو صفائی قلب اور غنا عطا فرماتا ہے خواہ غنا ظاہری ہو خواہ باطنی۔
2. جو شخص اس اسم کو پڑھتا ہے اس کا نفس اس کی اطاعت کرتا ہے اور اسے عزت و حرمت حاصل ہوتی ہے۔
3. جو سورج نکلنے کے وقت تین ہزار (۳۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا' وہ جو مراد مانگے گا حاصل ہو جائے گی۔
4. مال و ملک والا آدمی (حکمراں یا بڑا عہدیدار) اگر یہ اسم ﴿اَلْقُدُّوْسُ﴾ کے ساتھ ملا کر پڑھے گا تو اس کا مال و ملک قائم رہے گا۔

۵ جو اس اسم کو فجر کے بعد ایک سو بیس (۱۲۰) بار پڑھنے کا معمول بنائے۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی عنایات کے ذریعہ غنی فرما دیتا ہے۔

۶ اگر حکمراں اسے پڑھنے کا معمول بنائیں تو بڑے بڑے فراعنہ (سرکش و متکبر لوگ) ان کے مطیع و فرمانبردار بن جائیں۔

۷ جو کوئی روزانہ صبح کی نماز کے بعد ﴿یَا مَلِكُ﴾ کثرت سے پڑھا کرے گا، اللہ تعالیٰ سے غنی فرما دے گا۔

۵ اَلْقُدُّوْسُ کے معنی اور اس کے خواص

القدوس جل جلالہ	نہایت پاک

خواص نو ہیں:

۱ جو کوئی ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھے گا سب سے بے پروا ہو گا (یہاں تک کہ ناجائز شہوات سے بھی)

۲ جو شخص دشمن سے بچنے کے لئے بھاگتے وقت اس کو کثرت سے پڑھے گا وہ محفوظ رہے گا۔

۳ جو سفر میں اس کی مداومت کرے گا کبھی نہیں تھکے گا۔

④ جو اس کو تین سو انیس (۳۱۹) بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلاوے تو دشمن مہربان ہو جائے

⑤ جو زوال کے بعد ایک سو ستر (۱۷۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کا دل منور ہوگا اور روحانی امراض سے پاک ہو جائے گا۔

⑥ جو کوئی چالیس (۴۰) دن تک خلوت میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کا مقصد حاصل ہوگا' اور دنیا میں اس کی قوت تاثیر ظاہر ہو جائے گی۔

⑦ اگر کوئی اس کو رات کے آخری حصہ میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے تو بیماری اور بلا اس کے جسم سے دور ہو جاتی ہے۔

⑧ نماز جمعہ کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) بار ﴿سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ﴾ کہہ کر پھر اس کو ایک روٹی پر لکھ کر جو شخص کھائے وہ تمام آفات سے محفوظ رہے اور اسے عبادت کی توفیق حاصل ہوگی۔

⑨ جو جمعہ کی نماز کے بعد ﴿سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ﴾ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاتا رہے فرشتہ صفت ہو جائے گا۔

۶ اَلسَّلَامُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلسَّلَامُ جل جلالہ	سب عیوب و آفات سے سالم، سب نقائص اور کمزوریوں سے پاک، سلامت و بے عیب ذات

خواص دس ہیں:

1. جو ہمیشہ صبح کی نماز کے بعد ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھے گا، اس کا علم زیادہ ہوگا۔
2. اگر کوئی اس اسم کو ایک سو اکتیس (۱۳۱) بار یا ایک سو اکسٹھ (۱۶۱) بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو بیمار صحت پائے۔
3. جو اس اسم کو کثرت سے پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے وہ دشمن سے بے خوف رہے گا۔
4. بیمار یا خائف اگر ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھ کر دم کرے تو بیمار اور خوف سے محفوظ رہے گا۔
5. یہ اسم مبارک چھ سو نوے (۶۹۰) بار شرینی پر پڑھ کر دشمن کو

کھلاوے تو دشمن مہربان ہو جائے۔

٦ اگر کوئی ایک سو اکیس (١٢١) بار یہ اسم اور ﴿سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ﴾ کسی مریض پر پڑھے تو مریض شفا پائے گا۔ یا کم از کم مرض میں تخفیف ہو جائے گی۔

٧ اگر کوئی شخص مریض کے پاس اس کے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ اسم ایک سو چھتیس (١٣٦) بار اتنی بلند آواز سے پڑھے کہ مریض سن لے تو ان شاء اللہ اس کو شفا ہو گی۔

٨ ہر فرض نماز کے بعد پندرہ (١٥) مرتبہ ﴿اَللّٰهُمَّ يَا سَلَامُ سَلِّمْ﴾ پڑھنا ہر طرح کی سلامتی کے لیے مفید ہے۔

٩ جو کوئی کثرت سے اس اسم کو پڑھتا رہے گا ان شاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

١٠ جو کوئی ایک سو پندرہ (١١٥) مرتبہ یہ اسم پڑھ کر بیمار پر دم کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو صحت و شفا عطا فرمائے گا۔

۷ اَلْمُؤْمِنُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ	امن وامان دینے والا

خواص نو ہیں:

1. جو کثرت سے اس کا ورد کرے اس کا ایمان قائم رہے اور مخلوق اس کی مطیع و معتقد ہو جائے۔
2. جو کوئی روزانہ تین (۳) بار یہ اسم مبارک پڑھنے کا معمول رکھے اس کو کوئی خوف نہیں رہے گا۔
3. جو کوئی ایک سو چھتیس (۱۳۶) بار یہ اسم مبارک پڑھا کرے ظالموں کے ظلم اور جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔
4. خوف زدہ آدمی اگر فرضوں کے بعد چھتیس (۳۶) بار اس اسم کا ورد رکھے تو اس کی جان و مال محفوظ رہے گے۔
5. جس پر رعب اور خوف طاری ہو وہ ﴿یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ﴾ کا ورد رکھے، خصوصاً مسافر اگر اس کا ورد رکھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے امن و سلامتی نصیب ہو۔

۹ جو شخص کسی خوف کے وقت چھ سو تیس (۶۳۰) بار اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ العزیز ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

۱۰ جو اس اسم کو ایک سو پندرہ (۱۱۵) بار پڑھ کر دم کرے گا' ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

۱۱ جو کوئی کسی خوف کے وقت دو سو تیس (۲۳۰) بار اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

۱۲ جو شخص اس اسم کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے اس کا ظاہر و باطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

۸ اَلْمُهَیْمِنُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُهَیْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ	سب کی نگہبانی کرنے والا

خواص تین ہیں:

١ جو کوئی غسل کرے پھر خلوت میں توجہ کے ساتھ نماز پڑھے اور سو (۱۰۰) بار یہ اسم پڑھے' اس کے دل میں نور پیدا ہو گا اور

اس کی مراد پوری ہو جائے گی اور عالی ہمت ہو جائے گا۔

۲ جو کوئی اسے انتیس (۲۹) بار پڑھے گا اس کو کوئی غم نہ رہے گا۔

۳ جو یہ اسم ہمیشہ پڑھتا رہے گا تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

۹ اَلعَزِیزُ کے معنی اور اس کے خواص

العزیز جل جلالہ	ایسا غالب و طاقت ور جو کسی سے مغلوب نہ ہو

خواص دس ہیں:

۱ جو شخص چالیس (۴۰) دن تک چالیس (۴۰) مرتبہ اسم کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو معزز و مستغنی بنا دیں گے۔

۲ جو شخص نماز فجر کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھتا رہے وہ ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہو اور ذلت کے بعد عزت پائے۔

۳ اگر لوگ رات کے آخری حصے میں جمع ہو کر دو دو ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھیں تو رحمت کی بارش ہو گی۔

۴ جو ﴿یَا عَزِیزُ مِنْ کُلِّ عَزِیزٍ بِحَقِّ عَزِیزٍ﴾ پڑھے تو تمام

مخلوق میں عزیز ہو۔

۵ جو اس اسم کو چرانوے (۹۴) مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ معزز و کامران رہے۔

۶ جو اس کو چار سو گیارہ (۴۱۱) دن تک دو سو (۲۰۰) بار اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے گا اس کے سب کام درست ہو جائیں گے۔

۷ جو اکتالیس (۴۱) بار صبح کو روز حاکم کے پاس جانے کے وقت ﴿یَا عَزِیْزُ﴾ پڑھ لیا کرے حاکم مہربان رہے۔

۸ جو عشاء کے بعد دو سو (۲۰۰) بار ﴿یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ اَدْعُوْ بِلُطْفِكَ یَا عَزِیْزُ﴾ پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کی طرف متوجہ ہو جائے۔

۹ جو متواتر سات (۷) دن تک ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کا دشمن ہلاک ہو جائے۔

۱۰ جو کسی (دشمن کے) لشکر کی طرف ہاتھ کا اشارہ کر کے ستر (۷۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے وہ لشکر اللہ تعالیٰ کے حکم سے شکست کھا جائے۔

۱۰ اَلْجَبَّارُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

الجبار جل جلالہ	بگڑے ہوئے کاموں اور حالات کو درست کرنے والا

خواص چار ہیں:

۱. جو شخص روزانہ صبح و شام دو چھبیس (۲۲۶) مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ ظالموں کے ظلم و قہر سے محفوظ رہے گا۔

۲. اگر کوئی بادشاہ اس کو پڑھا کرے تو دوسرا بادشاہ اس پر غالب نہ ہوگا۔

۳. جو کوئی اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے وہ مخلوق کی غیبت اور بدگوئی سے محفوظ رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی ہر ظالم و جابر سے حفاظت فرماتا ہے۔

۴. اس اسم کے ساتھ ﴿ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ﴾ ملا کر پڑھنا بھی حفاظت کے لئے بہت مفید ہے۔

۱۱ اَلْمُتَكَبِّرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُتَكَبِّرُ جل جلالہ	بڑی عظمت والا

خواص سات ہیں:

۱ جو بغیر تھکے اسے کثرت سے پڑھتا رہتا ہے اسے بلند قدر و منزلت نصیب ہوتی ہے اور کوئی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

۲ کسی کو بے حیائی سے روکنے کے لئے اس کا دس (۱۰) بار اس پر پڑھنا بہت مفید ہے۔

۳ جو کوئی ہم بستری سے پہلے دس (۱۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اللہ جل شانہ اسے پرہیزگار اور نیک فرزند عطا فرمائے گا۔

۴ جو اسے ہر کام کے آغاز میں کثرت سے پڑھے گا اس کے کام میں کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئے گی۔

۵ جو اس کو اکیس (۲۱) بار پڑھے گا ان شاء اللہ خواب میں نہیں ڈرے گا۔

۶ جو اس کو چھ سو باسٹھ (۶۶۲) دن تک چھ سو باسٹھ (۶۶۲) مرتبہ

روزانہ پڑھے گا' صاحب صولت وسیاست ہوگا۔

۷ جو دشمن سے ڈرتا ہو اس اسم کی مداومت کرے' دشمن بدگوئی سے باز آجائے گا۔

۱۲ اَلْخَالِقُ کے معنی اور اس کے خواص

الخالق جل جلالہ	پیدا کرنے والا

خواص چھ ہیں:

۱ جو شخص آدھی رات کے بعد ایک گھنٹہ یا اس سے زیادہ اس اسم مبارک کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل اور چہرے کو منور فرمادے گا۔

۲ جس کا مال یا بیٹا گم ہوگیا ہو اگر وہ پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار اس کا ورد کرے تو گمشدہ واپس آجائے گا۔

۳ جو سات (۷) روز تک متواتر اس کو سو (۱۰۰) بار پڑھے تمام آفات سے محفوظ رہے۔

۴ جو اسے ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھا کرے اسے اولاد نرینہ نصیب ہو۔

۵ اگر کوئی شخص ہمیشہ ﴿اَلْخَالِقُ﴾ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کر دیتے ہیں جو اس کی طرف سے عبادت کرتا ہے اور اس کا چہرہ منور رہتا ہے۔

۶ جو کوئی لڑائی میں تین سو (۳۰۰) بار اس کو پڑھے گا اس کا دشمن مغلوب ہو گا۔

۱۴ اَلْبَارِئُ کے معنی اور اس کے خواص

البارئ جل جلاله	جان ڈالنے والا

خواص سات ہیں:

۱ اگر طبیب اس اسم کو پابندی سے ہمیشہ پڑھے تو اس کے ہاتھ میں شفا ہو گی۔

۲ جو کوئی ہفتہ کے دن اس کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو جنت الفردوس کی طرف لے جائے گا۔

۳ جو کوئی اس اسم کو دو سو چوالیس (۲۴۴) بار پڑھے اس کی جو بھی مراد ہو گی وہ پوری ہو گی۔

④ جو کوئی اس اسم کی مداومت کرے گا۔ حق تعالیٰ اس کے لئے ایک مونس پیدا کرے گا۔

⑤ اگر بانجھ عورت سات (۷) روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ ﴿اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ﴾ پڑھے تو ان شاء اللہ اولا د نرینہ نصیب ہو۔

⑥ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے صنائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو جاتا ہے۔

⑦ جو شخص سات (۷) دن تک روزانہ اس کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے امراض سے شفا اور آفات سے سلامتی عطا فرمائے گا۔

۱۴ اَلْمُصَوِّرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُصَوِّرُ جل جلالہ	صورت بنانے والا

خواص چھ ہیں:

① اگر کوئی شخص سات (۷) دن تک روزہ رکھے اور غروب

آفتاب کے بعد افطار سے پہلے اکیس (۲۱) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے اور پانی بانجھ عورت کو پلائے تو ان شاء اللہ اس کا بانجھ پن دور ہو جائے گا۔

۲ جو اپنے بستر پر آ کر سات (۷) بار یہ اسم پڑھے، پھر ہم بستری کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطا فرمائے گا۔

۳ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے صنائع عجیبہ کا ایجاد آسان ہو جاتا ہے۔

۴ جو اس کا بکثرت ورد کرے اس کے لئے مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں۔

۵ جو کوئی وضو کرنے کے بعد شہادت کی انگلی سے اس کو اپنی پیشانی پر لکھے تو جس سے ملاقات کرے وہ اس کا دوست ہو جائے۔

۶ جو اسے پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پی لے تو اعلیٰ مرتبہ پائے۔

۱۵ اَلْغَفَّارُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْغَفَّارُ جل جلالہ	بہت معاف کرنے والا

خواص پانچ ہیں:

١ جو کوئی ﴿یَا غَفَّارُ﴾ کی مداومت کرے گا اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے اور اس کے نفس کی بری خواہشات دور ہوں گی۔

٢ جو ﴿یَا غَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ﴾ جمعہ کی نماز کے بعد سو (١٠٠) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا اور آخرت میں لطف و مغفرت کا امیدوار بنائے گا۔

٣ جو شخص نماز عصر کے بعد روزانہ ﴿یَا غَفَّارُ! اِغْفِرْلِیْ﴾ پڑھے گا اللہ تعالی اس کو انشاء اللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا۔

٤ جو اس اسم کو جمعہ کے بعد سو (١٠٠) بار پڑھے گا تو مغفرت کے آثار پیدا ہوں گے، تنگی دفع ہو گی اور بے گمان رزق ملے گا۔

٥ غصہ کرنے والوں پر یہ اسم پڑھا جائے تو ان کا غصہ زائل ہو جاتا ہے۔

۱۶ اَلْقَهَّارُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْقَهَّارُ جل جلالہ	سب کو قابو میں رکھنے والا، وہ ذات جو سب پر غالب ہو اور اس کے غلبہ کو کوئی طاقت نہ روک سکے

خواص نو ہیں:

۱ جس شخص کی کوئی حاجت ہو وہ اپنے گھر یا مسجد میں سر ننگا کر کے ہاتھ اٹھا کر سو (۱۰۰) بار ﴿یَا قَهَّارُ﴾ کہے ان شاء اللہ اس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔

۲ جو اشراق کی نماز کے بعد سجدہ کر کے سات (۷) بار ﴿یَا قَهَّارُ﴾ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا۔

۳ جس شخص کو دشمنوں سے خطرہ ہو وہ سورج نکلتے وقت اور رات کے آخری حصہ میں دشمنوں کی ہلاکت کے لئے سو (۱۰۰) بار یہ پڑھے: ﴿یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ﴾ پھر کہے: ﴿خُذْ حَقِّیْ مِمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَعَدَا عَلَیَّ﴾

۴ بکثرت اس کا ذکر کرنے سے دنیا کی محبت اور ماسوی اللہ کی

عظمت دل سے جاتی رہے' اور دشمنوں پر غلبہ ہو۔

۵ اگر چینی کے برتن پر لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جائے جو وجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو' سحر دفع ہو۔

۶ جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھے۔ ان شاء اللہ دنیا کی محبت جاتی رہے گی اور اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو جائے گی اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔۔

۷ جو کوئی کسی ظالم سے ڈرتا ہو وہ اس اسم کو فرض نماز کے بعد تین سو چھ (۳۰۶) بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اسے امن و امان میں رکھے گا' اور دشمن پر غالب ہوگا' حاکم مہربان ہوگا اور خوف دل سے جاتا رہے گا۔

۸ جو کسی مشکل کے واسطے اس کو سو (۱۰۰) بار پڑھے مشکل حل ہو۔

۹ دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے فرض و سنت کے درمیان سو (۱۰۰) بار اس اسم کا پڑھنا بہت مفید ہے۔

۱۷ اَلْوَهَّابُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْوَهَّابُ جلّ جلالہٗ	بڑا افیاض، بہت دینے والا

خواص بارہ ہیں:

۱ جو سات (۷) بار اس کو روز پڑھے گا، مستجاب الدعوات ہو گا۔

۲ جو اس اسم کو عشاء کی نماز کے بعد چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) بار پڑھے گا اسے رزق کی فراخی نصیب ہو گی۔

۳ جو کوئی فقر و فاقہ سے پریشان ہو وہ اس اسم کی مداومت کرے اللہ تعالیٰ اسے ایسی راحت عطا فرمائے گا کہ حیران رہ جائے گا۔

۴ جو چاشت کی نماز کے بعد سجدہ کی آیت پڑھ کر سجدے میں سات (۷) بار ﴿اَلْوَهَّابُ﴾ پڑھے گا، مخلوق سے بے پروا ہو جائے گا۔

۵ جو کوئی رزق کی فراخی چاہتا ہو، چاشت کے وقت چار رکعت نماز پڑھے، پھر سلام کے بعد سجدے میں جا کر ﴿اَلْوَهَّابُ﴾

ایک سو چار (۱۰۴) بار اور اگر فرصت نہ ہو تو پچاس (۵۰) بار پڑھے مالدار ہو جائے گا۔

٦ کوئی بھی حاجت پیش آئے تو آدھی رات کے وقت گھر یا مسجد کے صحن میں تین (۳) بار سجدہ کر کے ہاتھ اٹھا کر سو (۱۰۰) بار اس کو پڑھے یہ عمل تین (۳) یا سات (۷) رات کرے۔ ان شاء اللہ العزیز حاجت پوری ہو جائے گی۔

٧ جو اسے عشاء کے بعد ساڑھے گیارہ سو (۱۱۵۰) بار پڑھے مقروض نہ رہے گا۔

٨ جو شخص فقر و فاقہ میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں چالیس (۴۰) بار پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے فقر و فاقہ سے ان شاء اللہ حیرت انگیز طریق پر نجات دے دیں گے۔

٩ حفاظت ایمان کے لئے ہر نماز کے بعد سات (۷) بار یہ آیت پڑھنا مجرب ہے: ﴿رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ﴾

(آل عمران: ۸)

۱۰ برکت کے لئے اس اسم کو ﴿اَلْکَرِیْمُ ذُوالطَّوْلِ﴾ کے ساتھ ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

۱۱ ہر چیز میں برکت کے لئے اس اسم کو ﴿اَلْکَافِیْ﴾ کے ساتھ ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

۱۲ جب کوئی مشکل پیش آئے کسی میدان میں جا کر دعا کی طرح ہاتھ اٹھا کر سو (۱۰۰) بار ﴿یَا وَھَّابُ﴾ پڑھے' ان شاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

۱۸ اَلرَّزَّاقُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلرَّزَّاقُ جل جلالہ	خوب روزی پہنچانے والا

خواص نو ہیں:

۱ جو اس اسم کو نہار منہ بیس (۲۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا وے اللہ تعالیٰ ایسا ذہن عطا فرماتا ہے جو باریکیوں اور مشکلات کو سمجھ لیتا ہے۔

۲ جو شخص اپنے مکان کے چاروں کونوں میں نماز صبح سے پہلے دس

دس مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے انشاء اللہ کھول دیں گے، بیماری اور مفلسی اس کے گھر میں ہرگز نہ آئے گی پڑھنے کا آغاز داہنے کونہ سے کرے اور منہ قبلہ کی طرف رکھے۔

۳ جو فجر کے فرض وسنت کے درمیان اکتالیس (۴۱) دن تک ساڑھے پانچ سو (۵۵۰) مرتبہ یہ اسم روز پڑھے گا، دولت مند ہوگا اس میں فجر کی نماز جماعت سے پڑھنا اور اس اسم مبارک کے اول وآخر گیارہ بار درود شریف پڑھنا شرط ہے۔

۴ جو عشاء کی نماز کے بعد سر ننگا کر کے ﴿یَا رَزَّاقُ تَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ یَا رَزَّاقُ﴾ گیارہ (۱۱) بار اول وآخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس (۴۱) روز پڑھا کرے گا اس کے لئے رزق کے دروازے کھلیں گے۔

۵ جو کوئی اس کو پانچ سو پینتالیس (۵۴۵) بار روز پڑھے گا، رزق اس کا کشادہ ہوگا اور کوئی دشواری اور درماندگی نہ آئے گی۔

۶ جو اس اسم کو روزانہ تنہائی میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے گا، ان شاء اللہ خاص روحانی مقام پائے گا۔

۷ جو ہر نماز کے بعد اس کے پڑھنے کا معمول بنائے گا غیب سے روزی پائے گا۔

۸ جو شخص اس اسم کو سترہ (۱۷) بار اس شخص کے سامنے پڑھے جس سے کوئی حاجت ہو' ان شاء اللہ وہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

۹ جو اس اسم کو سو (۱۰۰) بار قیدی کی رہائی کے لئے پڑھے گا اسے خلاصی ملے گی اور اگر بیمار کی صحت یابی کے لئے پڑھے گا اسے شفا ملے گی' ان شاء اللہ (مجرب ہے)

۱۹ اَلْفَتَّاحُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

اَلْفَتَّاحُ جل جلالہ	فتح بخش' رزق ورحمت کے دروازے کھولنے والا

خواص چار ہیں:

۱ جو کوئی اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر نماز فجر کے بعد اکہتر (۷۱) بار یہ اسم پڑھے گا اس کا دل پاک اور منور ہو جائے گا اور حق کے راستے کا حجاب اس سے ہٹا لیا جائے گا اور اسے ان شاء اللہ

تمام امور میں آسانی اور رزق میں برکت عطا کی جائے گی۔

۲ اگر کند ذہن چینی کی رکابی پر اس کو لکھ کر زبان سے چاٹے، ذہین ہو جائے۔

۳ جو اسے سات (۷) بار پڑھے گا دل کی تاریکی جاتی رہے گی۔

۴ جو اس کا بکثرت ورد رکھے، اس کے دل کی کدورت دور ہو جائے گی اور فتوحات کے دروازے اس پر کھل جائیں گے۔

۲۰ اَلْعَلِیْمُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْعَلِیْمُ جل جلالہٗ	وسیع علم والا، خوب جاننے والا

خواص سات ہیں:

۱ جو کثرت سے ﴿یَاعَلِیْمُ﴾ کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر ان شاء اللہ علم و معرفت کے دروازے کھول دے گا اور جو اللہ تعالیٰ سے مانگے گا جلد ملے گا اور حافظہ قوی ہوگا۔

۲ جو کوئی اس اسم کو دل میں پڑھے، صاحب معرفت ہو جائے اور اگر فرض نماز کے بعد ڈیڑھ سو (۱۵۰) بار پڑھا کرے، صاحب

یقین ہو جائے۔

۳ جو کوئی نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار ﴿یَا عَالِمَ الْغَیْبِ﴾ پڑھے' اللہ تعالیٰ اس کو صاحب کشف بنا دے گا۔

۴ جو استخارہ کرنا چاہے شب جمعہ کو نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار مسجد میں یہ اسم مبارک پڑھ کر سو رہے' مطلوبہ حال سے آگاہی پالے گا۔

۵ جو کوئی نا معلوم امر دریافت کرنا چاہے اول دو (۲) رکعت نماز پڑھے پھر درود شریف' پھر ﴿سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ﴾ ستر (۷۰) بار پڑھ کر ﴿یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا مُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ﴾ سو سو بار پڑھ کر اپنا مطلب تصور کر کے لیٹ جائے۔ اگر نیند نہ آئے تو اٹھ کر کسی مجمع میں چلا جائے وہاں لوگوں کی باتوں سے بطریق اشارہ مطلب معلوم کرے۔

۶ جو ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار ﴿یَا عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ﴾ کو معمول بنائے گا ان شاء اللہ صاحب کشف ہو جائے گا۔

۷ اگر کوئی شخص ﴿یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ﴾ کو اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہو جائے تو اس کی روح کو عالم بالا کی سیر نصیب ہو گی۔

۲۱ اَلْقَابِضُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْقَابِضُ جل جلالہ	روزی تنگ کرنے والا

خواص تین ہیں:

۱ جو اس اسم کو ہر روز تیس (۳۰) بار پڑھے ان شاء اللہ دشمن پر فتح پائے گا۔

۲ جو کوئی اسے چالیس (۴۰) دن تک ہر روز چار (۴) یا چالیس (۴۰) نوالوں پر لکھ کر کھالیا کرے گا۔ وہ بھوک اور قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح زخم اور درد وغیرہ کی تکلیف سے بھی محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ۔

۳ جو کوئی اس اسم کو آدھی رات کے وقت پڑھا کرے دشمن اس کا مقہور ہو گا۔

تنبیہ: بعض علماء کہتے ہیں کہ ﴿اَلْقَابِضُ﴾ کو ﴿اَلْبَاسِطُ﴾ کے ساتھ ﴿اَلْمُذِلُّ﴾ کو ﴿اَلْمُعِزُّ﴾ کے ساتھ، ﴿اَلْمُمِیْتُ﴾ کو ﴿اَلْمُحْیِ﴾ کے ساتھ، ﴿اَلْمُؤَخِّرُ﴾ کو ﴿اَلْمُقَدِّمُ﴾ کے ساتھ ﴿اَلْمَانِعُ﴾ کو ﴿اَلْمُعْطِیْ﴾ کے ساتھ اور ﴿اَلضَّآرُّ﴾ کو ﴿اَلنَّافِعُ﴾ کے ساتھ ملا کر ذکر کرنا زیادہ مناسب ہے، اور ان میں ہر پہلے اسم ﴿مثلاً اَلْمُذِلُّ﴾ کو دوسرے اسم ﴿مثلاً اَلْمُعِزُّ﴾ کے ساتھ ملائے بغیر پڑھنا مناسب نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

﴿۲۲﴾ اَلْبَاسِطُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْبَاسِطُ جل جلالہ	روزی کشادہ کرنے والا

خواص دس ہیں:

1. جو اس اسم کو چاشت کی نماز کے بعد دس (۱۰) بار پڑھے گا، اسے ہر معاملے میں کشادگی نصیب ہوگی اور ان شاء اللہ کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

۲ جو دس (۱۰) بار آسمان کی طرف سے ہاتھ اٹھا کر یہ اسم پڑھے اور پھر ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرے تو اس کے لئے غنا کا ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔

۳ جو اسے چالیس (۴۰) بار پڑھے گا' ان شاء اللہ مخلوق سے بے پرواہ ہو گا۔

۴ مشکلات سے نجات کے لئے ہر نماز کے بعد ایک سو چالیس (۱۴۰) بار ہر روز اس کا پڑھنا مفید ہے۔

۵ کشائش کے لئے بہتر (۷۲) دن تک روزانہ بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) بار یہ اسم پڑھے۔

۶ جو کوئی تین رات میں سوا لاکھ (۱۲۵۰۰۰) بار ﴿یَا بَاسِطُ﴾ ختم کرے اور اول و آخر سو سو بار درود شریف پڑھے' اسے ان شاء اللہ غیب سے روزی ملے گی تین راتوں کے بعد روزانہ سو (۱۰۰) بار پڑھ لیا کرے۔

۷ جو کوئی سحر کے وقت آنکھیں بند کر کے گیارہ (۱۱) مرتبہ یہ اسم پڑھے اور ہاتھ پر دم کر کے منہ پر پھیرے پھر آنکھیں کھول کر ہاتھوں کو دیکھے پھر بہتر (۷۲) بار پڑھ کر یہ دعا مانگے:

"اَللّٰھُمَّ زِدْ ثُمَّ زِدْ وَلَا تَنْقُصْ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ" ان شاء اللہ اس دن بھوکا نہ رہے گا۔

۸ جو بہتر (۷۲) بار روزانہ اس اسم کو پڑھا کرے اسے حق تعالیٰ تمام آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رکھے گا۔

۹ جو کوئی اس اسم کو رات کے آخری حصہ میں ہاتھ اٹھا کر دس (۱۰) بار کہے، ہمیشہ خوش دِل رہے، کوئی غم والم نہ ہو اور ایسی جگہ سے نفع ہو جس کی امید نہ ہو۔

۱۰ جو اس اسم کو ہر روز پڑھا کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کو ان شاء اللہ غم نہیں پہنچے گا اور وہ غیب سے روزی پائے گا۔ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

۲۳ اَلْخَافِضُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْخَافِضُ جل جلالہ	پست کرنے والا

خواص چھ ہیں:

۱ جو اس اسم کو پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے گا' ان شاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی اور اس کی پریشانی دور ہو جائے گی۔ دشمن کے صدمہ سے بچ جائے گا اور حفاظت الٰہی اس کے شامل حال رہے گی۔

۲ جو اسے ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے گا' ان شاء اللہ تمام دشمنوں سے محفوظ ہو جائے گا۔

۳ اگر کوئی تین روزے رکھے پھر چوتھے دن ایک مجلس میں چند آدمی ستر ہزار (۷۰۰۰۰) بار اس کو پڑھیں تو دشمن پر فتح نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ اسی مقصد کے لئے تین روزے رکھ کر ستر (۷۰) بار پڑھنا بھی مفید ہے۔

۴ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے حاکم وقت اس سے رضامند ہے۔

۵ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ہر نماز کے بعد ایک ہزار چار سو اکیاسی (۱۴۸۱) بار اس کا پڑھنا بہت مفید ہے۔

۶ جو کوئی ظالم سے ڈرتا ہو اس اسم کو ستر (۷۰) بار پڑھا کرے اس کے ظلم سے بچا رہے گا۔

(۴۴) اَلرَّافِعُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

الرافع جل جلالہ	بلند کرنے والا

خواص چھ ہیں:

1. جو کوئی پیر کے دن یا جمعہ کی رات مغرب یا عشاء کے بعد چار سو چالیس (۴۴۰) مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا اسے مخلوق کے درمیان ایک رعب نصیب ہوگا۔
2. جو کوئی اسے آدھی رات یا دوپہر کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا تو حق تعالیٰ جل شانہ اس کو برگزیدہ کرے گا اور وہ توانگر اور بے نیاز ہوگا۔
3. جو کوئی اس اسم کو ہر روز بیس (۲۰) بار پڑھے گا' ان شاء اللہ مراد پائے گا۔
4. جو کوئی ہر مہینہ کی چودھویں رات کو آدھی رات میں سو (۱۰۰) مرتبہ ﴿اَلرَّافِعُ﴾ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے ان شاء اللہ مخلوق سے بے نیاز اور توانگر بنادے گا۔

۵ جو کوئی اسے تین سو اکیاون (۳۵۱) بار پڑھے گا مخلوق کے درمیان عزیز ہو گا۔

۶ جو اسے ستر (۷۰) بار پڑھے گا ظالموں سے امن میں رہے گا اور ان شاء اللہ سرکشوں سے محفوظ رہے گا۔

۲۵ اَلْمُعِزُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُعِزُّ جل جلالہ	عزت دینے والا

خواص تین ہیں:

۱ جو شخص پیر یا جمعہ کی رات میں مغرب کے بعد چالیس (۴۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا' ان شاء اللہ خدا تعالیٰ اس کی ہیبت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا۔

۲ جو شخص نماز عشاء کے بعد پیر یا جمعہ کی رات میں ایک سو چالیس (۱۴۰) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی ہیبت و حرمت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرے گا اور اسی کی پناہ میں رہے گا۔

۳ جو ایک سو چالیس (۱۴۰) دن تک اکتالیس (۴۱) بار ہر روز بلاناغہ اس کو پڑھے گا دنیا و آخرت میں عزت پائے گا پڑھنے کا آغاز پیر یا جمعہ کی شب سے کرے۔

۴۶ اَلْمُذِلُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُذِلُّ جل جلالہ	ذلت دینے والا

خواص چار ہیں:

۱ جو اس اسم کو پچھتر (۷۵) بار پڑھ کر سجدے میں دعا کرے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔

۲ جو کوئی کسی ظالم یا حاسد سے ڈرتا ہو تو پچھتر (۷۵) بار یا اکیس (۲۱) بار ﴿یَا مُذِلُّ﴾ یا ﴿اَلْمُذِلُّ﴾ پڑھ کر سجدہ کرے اور کہے "یا الٰہی! فلانے ظالم کے شر سے مجھے محفوظ رکھ" حق تعالیٰ اس کو امان دے گا اور اپنی حفاظت میں رکھے گا۔

۳ جو سات سو ستر (۷۷۰) بار روزانہ کوئی وقت مقرر کر کے ﴿یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِكَ﴾ پڑھ

لیا کرے تو وہ دشمن دفع ہو گا۔

۴ جس کا کوئی حق کسی کے ذمہ ہو اور وہ ادا کرنے سے ٹال مٹول کر رہا ہو تو اس اسم کو بکثرت پڑھنے سے وہ اس کا حق ان شاء اللہ ادا کر دے گا۔

۲۷ اَلسَّمِیْعُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلسَّمِیْعُ جل جلالہٗ	خوب سننے والا

خواص چار ہیں:

۱ جو کوئی اس اسم کو جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے گا' ان شاء اللہ مستجاب الدعوات بن جائے گا۔

۲ جو اسے کثرت سے پڑھے کم سننے کے مرض سے ان شاء اللہ شفا پائے گا۔

۳ اگر کوئی جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو (۵۰۰) بار (اَلسَّمِیْعُ) پڑھے گا اور ایک قول کے مطابق ہر

روز سو (۱۰۰) بار پڑھے گا اور پڑھتے وقت بات چیت نہیں کرے گا اور پڑھ کر دعا مانگے گا تو جو مانگے گا ان شاء اللہ پائے گا۔

۴ جو شخص جمعرات کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو نظر خاص سے نوازے گا۔

۲۸ اَلْبَصِیْرُ کے معنی اور اس کے خواص

البصیر جل جلالہ	خوب دیکھنے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ جو کوئی نماز جمعہ سے پہلے یا بعد میں سو (۱۰۰) مرتبہ ﴿یَابَصِیْرُ﴾ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی نگاہ میں ان شاء اللہ روشنی اور دل میں نور پیدا فرما دے گا اور اسے صالح اقوال و اعمال کی توفیق عطا فرمائے گا۔

۲ جو کوئی جمعہ کے دن فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان

سو (۱۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اسے اللہ تعالیٰ خصوصی نظر عنایت عطا فرمائے گا۔

۳ جو اس کا بکثرت ورد کرے گا آنکھوں کے امراض سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا اس کے لئے یہ دعا بھی مفید ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ يَا سَمِيْعُ يَابَصِيْرُ مَتِّعْنِىْ بِسَمْعِىْ وَبَصَرِىْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّىْ﴾

۴ کوئی اس اسم کو ہر روز عصر کے وقت سات (۷) بار پڑھ لیا کرے گا ناگہانی موت سے امن میں رہے گا۔

۵ جو اس اسم کو جمعہ کے خطبہ سے پہلے سو (۱۰۰) بار پڑھ لیا کرے گا ان شاء اللہ منظور نظر الٰہی ہو گا۔

۲۹ اَلْحَکَمُ کے معنی اور اس کے خواص

الحکم جل جلالہ	حاکم مطلق

خواص چار ہیں:

۱ جو کوئی اخیر شب میں ننانوے (۹۹) مرتبہ باوضو یہ اسم پڑھے گا

اللہ تعالیٰ اس کے دل ان شاء اللہ محل اسرار وانوار بنا دے گا۔

۲ جو کوئی جمعہ کی رات یہ اسم اس قدر پڑھے گا کہ بے حال و بے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو ان شاء اللہ کشف و الہام سے نوازے گا۔

۳ جو کوئی شب جمعہ میں آدھی رات کو یہ اسم پڑھے گا حق تعالیٰ اس کا باطن پاک صاف کر دے گا۔

۴ جو پانچوں وقت ہر نماز کے بعد اسی (۸۰) بار ﴿اَلْحَكَمُ﴾ پڑھ لیا کرے گا کسی کا محتاج نہ ہو گا۔

۳۰ اَلْعَدْلُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْعَدْلُ جل جلالہ	خوب انصاف کرنے والا

خواص تین ہیں:

۱ جو اس اسم کو پڑھے اور روٹی کے بیس (۲۰) لقموں پر شب جمعہ کو لکھ کر کھالے تو اس کے لئے دلوں کو مسخر کر دیا جاتا ہے۔

۲ جو کوئی اس اسم کو ہر نماز کے بعد پڑھے غیب سے روزی پائے

اور اسے نیک عمل کی توفیق نصیب ہو۔

۲ جو کوئی مغرب کی نماز کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا آسمانی بلاؤں سے نجات پائے گا۔

(۳۱) اَللَّطِیْفُ کے معنی اور اس کے خواص

اَللَّطِیْفُ جل جلالہٗ	باریک بیں، بندوں پر نرمی کرنے والا

خواص آٹھ ہیں:

۱ جو شخص ایک سو تینتیس (۱۳۳) مرتبہ ﴿یَا لَطِیْفُ﴾ پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کے رزق میں برکت ہوگی اور اس کے سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔

۲ جو شخص فقر و فاقہ، دکھ بیماری، تنہائی، کسمپرسی یا کسی اور مصیبت میں گرفتار ہو وہ اچھی طرح وضو کر کے دوگانہ پڑھے اور اپنے مقصد اور مطلب کو دل میں رکھ کر سو (۱۰۰) مرتبہ یہ اسم پڑھے ان شاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

۳ جو اس اسم کو روزانہ ایک سو تہتر (۱۷۳) بار پڑھے' اس کو اسباب معیشت نصیب ہوں گے اور حاجات پوری ہوگی۔

۴ بیٹیوں کے رشتے اور نصیب کھلنے اور امراض سے صحت کے لئے ہر روز تحیۃ الوضو (وضو کی نماز) کے بعد سو (۱۰۰) بار اس کا پڑھنا مفید ہے۔

۵ ہر دینی اور دنیوی مہم کے لئے خالی جگہ پر دعا کی شرائط کے ساتھ سولہ ہزار چھ سو اکتالیس (۱۶۶۴۱) بار اس کا پڑھنا مفید ہے۔

۶ جو ایک سو ساٹھ (۱۶۰) بار ﴿اَللّٰطِيْفُ﴾ پڑھے اور اس کے ساتھ یہ آیت پڑھے: ﴿لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾ وہ خوف سے ان شاء اللہ امن پائے گا۔

۷ بیماریوں سے شفا کے لئے اس اسم کے ساتھ کوئی آیت شفا پڑھ لی جائے تو فائدہ ہوگا۔

۸ پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کے لئے اس اسم کا ورد بہت مفید ہے۔

۴۲ اَلْخَبِیْرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْخَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	بڑا باخبر، ہر بات سے آگاہ

خواص چار ہیں:

۱ جو سات (۷) دن متواتر اس کا ورد کرے اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے روحانیت نصیب ہوتی ہے جو مطلوبہ امور میں اس کی راہنمائی کرتی ہے۔

۲ جو نفس امارہ کے ہاتھ گرفتار ہو وہ کثرت سے اس کا ورد کرے ان شاء اللہ نجات پائے گا۔

۳ استخارہ کے واسطے اکتالیس (۴۱) دن تک روزانہ تین تین سو (۳۰۰) بار ﴿یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ﴾ پڑھے پھر جب ضرورت پڑے تین سو (۳۰۰) بار پڑھ کر سو جائے نیک و بد حال کی ان شاء اللہ اطلاع ہو جائے گی۔

۴ جو کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو اس اسم کو بکثرت پڑھے ان شاء اللہ خلاصی نصیب ہو گی۔

۳۳ اَلْحَلِیْمُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْحَلِیْمُ جل جلالہ	بڑا بُردبار

خواص نو ہیں:

۱ جو اس کا ہر وقت ورد رکھے گا ان شاء اللہ فتح مند رہے گا اور ہر آفت سے بچا رہے گا۔

۲ جو کوئی اس اسم کو ہر روز ظہر کی نماز کے بعد نو (۹) دفعہ پڑھا کرے گا ان شاء اللہ تمام خلقت میں سرخرو رہے گا۔

۳ جو دشمن یا مدعی یا حاکم کے سامنے ہوتے ہی پانی سے ہاتھ بھگو کر گیارہ (۱۱) دفعہ ﴿یَا حَلِیْمُ﴾ پڑھ کر منہ پر مل لیا کرے ان شاء اللہ دشمن سختی نہ کر سکے گا اور حاکم نرمی و مہربانی سے پیش آئے گا۔

۴ جو کوئی اس کو کاغذ پر لکھ کر پھر اس کو دھوئے اور پانی اپنی کھیتی پر چھڑک دے تو ان شاء اللہ زراعت کی ہر آفت سے حفاظت رہے گی اور کمال کو پہنچے گی اور اس میں برکت ہوگی۔

۵ جوکوئی اس اسم کو بادشاہ کے روبرو پڑھے گا ان شاء اللہ اس کے غصہ سے محفوظ رہے گا۔

۶ جوکوئی اس اسم کو پڑھے، حلیم الطبع ہو جائے اور صبر و سکون اس کے دل میں آجائے۔

۷ جوکوئی درخت بوتے وقت اٹھائیس (۲۸) بار یہ اسم مبارک پڑھے تو درخت سرسبز ہو اور خزاں سے محفوظ رہے۔

۸ اگر رئیس آدمی اس کو بکثرت سے پڑھے اس کی سرداری خوب جمے اور راحت سے رہے۔

۹ اگر اس اسم مبارک کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے پیشہ کے آلات و اوزار پر ملے تو اس پیشہ میں برکت ہوگی۔

(۳۴) اَلْعَظِیْمُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْعَظِیْمُ جل جلالہ	بزرگی والا، عظمت والا

خواص تین ہیں:

۱ جوکوئی حکمراں سے خوف زدہ ہو وہ بارہ (۱۲) بار اس اسم کو پڑھ کر

اپنے اوپر دم کرے' ان شاء اللہ محفوظ رہے گا اور نرمی پائے گا۔

۲ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے عزت نصیب ہوگی اور ہر مرض سے شفا ملتی ہے۔

۳ جو اس اسم مبارک کو سات (۷) دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پانی پی لے تو ان شاء اللہ اس کے پیٹ میں درد نہ ہوگا۔

۳۵ اَلْغَفُوْرُ کے معنی اور اس کے خواص

الغفور جل جلالہ	بہت بخشنے والا

خواص تین ہیں:

۱ جو اس کو بکثرت پڑھے گا اس کے دل سے ان شاء اللہ سیاہی گھٹے گی۔

۲ تپ یا دردسر کا مریض یا غمگین آدمی اگر اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر روٹی پر اس کا نقش جذب کر کے کھائے تو حق تعالیٰ شانہ اس کو شفا اور خلاصی بخشے گا۔

۳ جو اس کو بکثرت پڑھے گا' برے اخلاق اور روحانی امراض اور

ظاہری بیماریوں سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا اور اس کے مال واولاد میں برکت ہوگی۔

(۳۶) اَلشَّکُوْرُ کے معنی اور اس کے خواص

الشکور جل جلالہ	قدردان یعنی تھوڑے عمل پر بہت زیادہ ثواب دینے والا

خواص چھ ہیں:

۱ جو کوئی یہ اسم اکتالیس (۴۱) بار پانی پر پڑھے اور وہ پانی آنکھوں پر چھڑ کے اس کی نظر تیز ہو جائے گی۔

۲ جس کو ضیق النفس (دمہ) یا تکان یا گرانی اعضاء ہو اس کو لکھ کر بدن پر پھیرے دے اور پانی پر دم کر کے پانی پی لے تو نفع ہو اور اگر کمزور نظر والا اپنی آنکھ پر پھیرے' نگاہ میں ان شاء اللہ ترقی ہو۔

۳ جو شخص معاشی تنگی یا کسی اور دکھ درد یا رنج وغم میں مبتلا ہو وہ اس اسم کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ پڑھے' ان شاء اللہ رنج وغم سے رہائی نصیب ہوگی۔

۴ جس شخص کی آنکھوں کی روشنی جاتی رہی ہو وہ اس اسم کو اکتالیس (۴۱) بار ہر روز پڑھا کرے، اور لعاب دہن اپنی آنکھوں پر لگا دے اور پانی پر دم کرکے پیئے، ان شاء اللہ روشنی برقرار ہو جائے گی۔

۵ جو کوئی مفلس ہو اس اسم کو اکتالیس (۴۱) بار پڑھے ان شاء اللہ غنی ہو جائے گا اور جو کوئی بہت پڑھے، خلق میں باعزت رہے۔

۶ جو کوئی اس اسم مبارک کو پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار روز پڑھے گا ان شاء اللہ قیامت کے دن بلند مرتبہ پائے گا۔

۳۷ اَلْعَلِیُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْعَلِیُّ جل جلالہ	بہت بلند و برتر

خواص پانچ ہیں:

۱ جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ اسے رتبہ کی بلندی خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہوگی۔

۲ جو اس اسم کو ورم یعنی سوجن پر تین (۳) بار پڑھ کر پھونکے گا

ان شاء اللہ صحت یاب ہو جائے گا۔

۳ اگر فقیر اسے ایک سو دس (۱۱۰) بار پڑھے تو غنی ہو جائے اور دنیا میں عزت پائے۔

۴ اگر یہ اسم مبارک لکھ کر بچے کو باندھ دیا جائے تو جلدی جوان ہو اگر مسافر اپنے پاس رکھے تو جلدی اپنے عزیزوں سے آملے اگر محتاج ہو تو غنی ہو جائے۔

۵ یہ اسم مشائخ، بزرگوں، طلبہ اور سالکین کے لئے ایک روحانی خزانہ ہے، اگر اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام ﴿اَلْعَلِیْمُ﴾ بھی ملا لیا جائے تو یہ بڑے اذکار میں شمار ہوتا ہے۔

۳۸ اَلْکَبِیْرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْکَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	بہت بڑا

خواص سات ہیں:

۱ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے علم و معرفت کا دروازہ کھلتا ہے۔

۲ اگر یہ اسم مبارک کھانے کی چیز پر پڑھ کر میاں بیوی کو

کھلایا جائے تو باہمی الفت پیدا ہو۔

۳ جو شخص اپنے عہدہ سے معزول ہو گیا ہو وہ سات (۷) روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ﴿یَا کَبِیْرُ﴾ پڑھے، ان شاء اللہ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور اسے بزرگی و برتری نصیب ہوگی۔

۴ جو کوئی اس اسم کو پڑھے مخلوق کی نظروں میں ممتاز ہو اور بلند مرتبہ پائے۔

۵ یہ بادشاہوں اور احکام کا وظیفہ ہے وہ اگر اس کا اہتمام کریں تو ان کا رعب رہے اور مہمات بخوبی سرانجام پائیں۔

۶ جو اسے نو (۹) دفعہ کسی بیمار پر پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ بیمار تندرست ہو۔

۷ جو اسے سو (۱۰۰) بار پڑھے گا مخلوق میں عزیز رہے گا۔

۳۹ اَلْحَفِیْظُ کے معنی اور اس کے خواص

الحفیظ جل جلالہ	سب کا محافظ

خواص چھ ہیں:

۱ جو شخص بکثرت ﴿یَا حَفِیْظُ﴾ کا ورد رکھے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف خطر اور نقصان و ضرر سے محفوظ رہے گا۔

۲ یہ اسم مبارک خوفناک سفر میں حفاظت کے لئے بے حد مفید اور سریع الاثر ہے حتیٰ کہ اگر اسے پڑھ کر درندوں کے درمیان سو جائے تو ان شاء اللہ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے' اس اسم کے ذکر کے بعد تین (۳) بار یہ دعا پڑھے: ﴿یَا حَفِیْظُ اِحْفَظْنِیْ﴾

۳ جو اس اسم کو ہر روز سولہ (۱۶) بار پڑھے گا' ان شاء اللہ ہر طرح سے نڈر رہے گا۔

۴ جو مغرب کے بعد اکتالیس (۴۱) بار قبلہ کی طرف چہرہ کر کے ﴿یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ﴾ پڑھے ان شاء اللہ غیب سے روزی پائے گا۔

۵ جو یہ اسم مبارک کسی بیمار پر چالیس (۴۰) ہفتہ تک ستر (۷۰) بار روز پڑھ کر دم کرے گا' ان شاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

۶ اس کو پڑھنے اور اپنے پاس لکھ کر رکھنے والا ڈوبنے' جلنے' دیو

پری اور نظر بد سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔

۴۰ اَلْمُقِیْتُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُقِیْتُ جل جلالہ	وہ کامل القدرت ذات جو ہر چیز کو اس کی خوراک عطا کرتی ہے 'غذا بخش

خواص چھ ہیں:

۱ اگر کوئی خالی آبخورے میں سات (۷) مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے اور اس میں خود پانی پیئے یا کسی دوسرے کو پلائے تو ان شاء اللہ مقصد حاصل ہوگا یہ عمل سفر میں امن کے لئے بھی مفید ہے خاص طور پر جب اس کے ساتھ سورۂ قریش کو ملا کر صبح و شام پڑھی جائے۔

۲ جس کی آنکھ سرخ ہو اور درد کرتی ہو وہ اس اسم کو دس (۱۰) بار پڑھ کر دم کرے۔

۳ جو کسی کو غریب دیکھے یا خود اس کو غریبی پیش آئے یا کوئی لڑکا بد خوئی کرے یا بہت روئے سات (۷) بار خالی آبخورے پر

یہ اسم مبارک پڑھ کر دم کرے اور اس میں پانی ڈال کر خود پئے یا دوسرے کو پلائے ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

۴ اگر روزہ دار کو ہلاکت کا خوف ہو تو سو (۱۰۰) بار پھول پڑھ کر اسے سونگھے گا ان شاء اللہ قوت پائے گا اور ہر روز روزہ رکھ سکے گا۔

۵ جو اس اسم کو ﴿اَلْقَائِمُ﴾ کے ساتھ ملا کر ہر نماز کے بعد سات (۷) بار پڑھے گا' سودائی امراض سے انشاء اللہ شفا پائے گا۔

۶ جو اس اسم کو ہر روز سات (۷) بار پانی پر دم کر کے پئے گا ان شاء اللہ غیب سے روزی پائے گا اور کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

۴۱ اَلْحَسِیْبُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

اَلْحَسِیْبُ جل جلالہ	خوب حساب لینے والا

خواص چھ ہیں:

۱ جو کوئی چور یا حاسد یا ہمسایہ یا دشمن یا چشم زخم یا نظر بد سے ڈرتا ہو ایک ہفتہ تک صبح (طلوع آفتاب سے پہلے) اور شام

(غروب آفتاب سے پہلے) ستر (۷۰) بار ﴿حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ﴾ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے ہفتہ گزرنے سے پہلے امن عطا فرمائے گا اور انشاء اللہ تمام کام درست ہو جائیں گے پڑھائی کا آغاز جمعرات کے دن سے کرے۔

۲ جو روزانہ ﴿حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ﴾ پڑھے گا ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

۳ جو کوئی اس اسم کو ستر (۷۰) بار پڑھے گا' انشاء اللہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۴ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ایک ہفتہ تک روزانہ صبح و شام ایک سو پینتالیس (۱۴۵) بار یہ اسم مبارک پڑھے' ان شاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

۵ اگر کسی حساب میں تشدد کا اندیشہ ہو' یا کسی بھائی برادری سے کسی معاملہ میں خوف ہو تو سات (۷) روز تک طلوع آفتاب اور غروب آفتار سے پہلے بیس (۲۰) بار یہ اسم مبارک پڑھ لیا کرے۔

۶ اَلْحَسِیْبُ میں اسم اعظم کی طرف اشارہ ہے۔ (واللہ اعلم)

(۴۲) اَلْجَلِیْلُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْجَلِیْلُ جل جلالہ	بڑی شان والا

خواص تین ہیں:

١. جو کوئی اس اسم کو تہتر (۷۳) بار پڑھا کرے انشاء اللہ صاحب وقار ہو۔

٢. جو کوئی اس کو دس (۱۰) بار اپنے اسباب پر پڑھے چوری سے محفوظ و سلامت رہے۔

٣. جو بکثرت اس کا ورد رکھے گا اور مشک و زعفران سے لکھ کر پئے گا اور اپنے پاس رکھے گا' اللہ تعالیٰ کو انشاء اللہ عزت و عظمت اور قدر و منزلت عطا فرمائے گا۔

(۴۳) اَلْکَرِیْمُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْکَرِیْمُ جل جلالہ	بڑا سخی اور فیاض

خواص دو ہیں:

١. جو شخص روزانہ سوتے وقت ﴿یَا کَرِیْمُ﴾ پڑھتے پڑھتے سو

جایا کرے اللہ تعالیٰ اس کو علماء وصلحاء میں عزت فرمائیں گے اور غیب سے روزی عطا فرمائیں گے۔

۱۲ جو شخص ﴿اَلْكَرِيْمُ ذُوالطَّوْلِ الْوَهَّابُ﴾ کو بکثرت سے پڑھے اس کے اسباب واحوال میں برکت ظاہر ہوگی۔

۴۴ اَلرَّقِيْبُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلرَّقِيْبُ جل جلالہ	خوب نگہبانی کرنے والا

خواص سات ہیں:

۱ اس اسم کا ذکر کرنے سے مال وعیال محفوظ رہتے ہیں۔

۲ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی تو بکثرت اس کا ورد کرنے سے انشاء اللہ واپس مل جاتی ہے۔

۳ اگر اسقاط حمل کا خطرہ ہو تو حاملہ عورت پر سات (۷) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھنا مفید ہے۔

۴ سفر میں جاتے وقت اپنے اہل واولاد میں سے جس پر کوئی خطرہ فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات (۷) بار یہ اسم

مبارک پڑھے، ان شاء اللہ وہ مامون رہے گا۔

۵ جو کوئی اس اسم کو سات (۷) بار یا ستر (۷۰) بار اپنی بیوی، فرزند یا مال پر پڑھ کر دم کرے جنات اور تمام دشمنوں اور آفتوں سے ان شاء اللہ محفوظ رہے اور اس کا رعب بھی بڑھ جائے گا۔

۶ جو کوئی پھوڑے پھنسی پر تین بار یہ اسم مبارک پڑھ کر پھونک دے، ان شاء اللہ شفا حاصل ہوگی۔

۷ جو کوئی اپنا مال اسباب (گاڑی وغیرہ) کہیں چھوڑتے وقت اس اسم کو پڑھ لے تو ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔ مجرب ہے۔

۴۵ اَلْمُجِیْبُ کے معنی اور اس کے خواص

المُجِیبُ جل جلالہ	دعائیں سننے اور قبول کرنے والا

خواص چار ہیں:

۱ جو کوئی کثرت سے ﴿یَا مُجِیْبُ﴾ پڑھا کرے ان شاء اللہ

اس کی دعائیں بارگاہ الٰہی میں قبول ہونے لگیں گی۔

٭ جو یہ اسم مبارک اپنے پاس لکھ کر رکھے گا اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

٭ جو کوئی دوسرے کے لئے یہ اسم مبارک تین بار پڑھ کر دم کرے گا' ان شاء اللہ درد سر دور ہو گا۔

٭ جو اس اسم کو طلوع آفتاب کے وقت پچپن (۵۵) بار پڑھنے کا معمول بنائے گا ان شاء اللہ مستجاب الدعوات ہو گا۔

(۴۶) اَلْوَاسِعُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْوَاسِعُ جل جلالہ	وسعت والا

خواص پانچ ہیں:

(۱) جو اس کا کثرت سے ذکر کرے گا ظاہری اور باطنی غنا نصیب ہو گا' نیز اسے عزت' حوصلہ' بردباری' وسعت قلبی' اور دل کی صفائی نصیب ہو گی اور اللہ تعالیٰ اس کے لیے معاملات میں کشادگی عطا فرمائے گا۔

۲ جو کوئی اس اسم کو پڑھتا ہے اس پر ملائکہ نازل ہوتے ہیں۔

۳ جو اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنا لے اسے ان شاء اللہ روزی ملے گی اور مفلس نہیں ہوگا۔

۴ جس کو بچھو کاٹ لے وہ یہ اسم مبارک ستر (۷۰) بار پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ زہر اثر نہ کرے گا۔

۵ جو کشائش (کشادگی) کے واسطے اس کا جتنا ورد بڑھائے گا اتنا مالدار ہو جائے گا۔

۴۷ اَلْحَکِیْمُ کے معنی اور اس کے خواص

الحکیم جل جلالہ	بڑی حکمت والا

خواص پانچ ہیں:

۱ جو کوئی کثرت سے ﴿یَا حَکِیْمُ﴾ پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس پر ان شاء اللہ علم وحکمت کے دروازے کھول دیں گے۔

۲ جس کسی کا کوئی کام پورا نہ ہوتا ہو وہ پابندی سے اس اسم کو پڑھا کرے ان شاء اللہ کام پورا ہو جائے گا۔

۳ جو ظہر کے بعد نوے (۹۰) بار اس اسم کو پڑھ لیا کرے تمام مخلوق میں سرخرو رہے گا۔

۴ جو اس کو بہتر (۷۲) بار پڑھا کرے ان شاء اللہ اسے کوئی مشکل پیش نہ آئے اور سب حاجتیں بر آئیں۔

۵ جو کوئی اس کا بکثرت ورد رکھے گا علم و حکمت کے چشمے اس کی زبان سے پھوٹیں گے اور وہ لطیف اشارات اور معانی کے اسرار کو بھی سمجھ لے گا۔

۴۸ اَلْوَدُوْدُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْوَدُوْدُ جل جلالہ	نیک بندوں سے بے حد محبت کرنے والا

خواص چار ہیں:

۱ جو کوئی ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ﴿یَا وَدُوْدُ﴾ پڑھ کر کھانے پر دم کرے گا اور بیوی کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائے گا تو ان شاء اللہ میاں بیوی کا جھگڑا ختم ہو جائے گا اور باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔

۲ جس کا بیٹا برائیوں میں مبتلا ہو وہ جمعہ کے بعد ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار یہ اسم مبارک معطر ولطیف شیرینی پر پڑھ کر دم کرے اور دو رکعت نماز ادا کرے اور وہ شیرینی اس کو کھلائے ان شاء اللہ صالح ہو جائے گا۔

۳ اس کا ورد تسخیر کے لئے بھی مفید ہے۔

۴ جو شخص کسی پریشانی میں پڑ جائے وہ دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا کرے ان شاء اللہ پریشانی دور ہو جائے گی۔

دعا یہ ہے:

"اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ (تین بار) یَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلَاَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَ بِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَ بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ"

(آخری جملہ تین بار)

۴۹ اَلْمَجِیْدُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

اَلْمَجِیْدُ جل جلالہٗ	بڑا بزرگ

خواص پانچ ہیں:

① جو کوئی کسی موذی مرض مثلاً برص، آتشک، جذام وغیرہ میں گرفتار ہو وہ چاند کی (۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد بکثرت اس اسم کو پڑھا کرے اور پانی پر دم کر کے پیئے ان شاء اللہ وہ مرض دور ہو جائے گا۔

② بیس (۲۰) دن تک روزہ رکھ کر افطار کے وقت ستاون (۵۷) بار اس اسم کا پڑھنا موذی امراض کے لئے مفید ہے۔

③ جس کو اپنے ساتھیوں میں عزت و حرمت نہ ہو، وہ ہر صبح کو ننانوے (۹۹) بار یہ اسم پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے، ان شاء اللہ عزت و حرمت حاصل ہو گی۔

④ جو گرمیوں میں اس اسم کو پڑھے گا تشنگی سے مامون رہے گا۔

⑤ جو اس اسم پر مداوت کرے گا، بزرگ ہو گا۔

۵۰ اَلْبَاعِثُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْبَاعِثُ جل جلالہ	مُردوں کو زندہ کرنے والا

خواص چار ہیں:

1. جو کوئی روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ایک سو (۱۰۰) مرتبہ ﴿ یَا بَاعِثُ ﴾ پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کا دل علم و حکمت سے زندہ ہو جائے گا۔
2. جو اس اسم کو سو (۱۰۰) بار روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے گا اس سے ان شاء اللہ نیکیاں سرزد ہوں گی اور برائیوں سے بچا رہے گا۔
3. جو کوئی اس اسم مبارک کو سات (۷) بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے اور حاکم کے روبرو جائے تو حاکم مہربان ہو گا۔
4. جو اس کا بکثرت ورد رکھے گا خوفِ الٰہی اس پر غالب رہے گا۔

﴿۵۱﴾ اَلشَّھِیۡدُ کے معنی اور خواص

الشّھید جل جلالہ	حاضروناظر، حاضروباخبر جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو

خواص تین ہیں:

۱ جس شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو وہ صبح کے وقت اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر اکیس (۲۱) مرتبہ ﴿یَاشَھِیۡدُ﴾ پڑھ کر دم کرے، ان شاء اللہ فرمانبرداری ہو جائے گی۔ بعض علماء کے نزدیک اکیس (۲۱) کے بجائے اکتیس (۳۱) بار پڑھنا مفید ہے۔

۲ جو اس اسم کو پابندی سے پڑھے گا اسے ان شاء اللہ گناہوں سے پرہیزگاری نصیب ہوگی۔

۳ اہل مراقبہ اور شہادت کے متمنی حضرات کے لئے یہ اسم بہت مناسب اور مفید ہے۔

(۵۲) اَلْحَقُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْحَقُّ جل جلالہ	ثابت و برحق

خواص پانچ ہیں:

1. جو روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار اس کا ورد کرے اس کے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اس کی طبیعت کی اصلاح ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

2. جو روزانہ سو (۱۰۰) بار ﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ﴾ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے فقر سے غنا عطا فرمائیں گے اور ان شاء اللہ اس کے معاملات آسان ہو جائیں گے۔

3. جو کوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے گا مخلوق میں عزیز ہو جائے گا۔

4. اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو ایک پاک چوکور کاغذ لے کر ہر کونے پر اس اسم کو لکھے اور آدھی رات کو ہتھیلی پر کاغذ رکھ کر آسمان کے نیچے کھڑا ہو جائے اور یہ اسم ایک سو ننانوے (۱۹۹) بار پڑھے' ان شاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔

۵ اگر قیدی آدھی رات کو سر ننگا کر کے ایک سو آٹھ (۱۰۸) بار یہ اسم مبارک پڑھے تو ان شاء اللہ قید سے خلاصی نصیب ہو گی۔

۵۳ اَلْوَکِیْلُ کے معنی اور اس کے خواص

الوکیل جل جلالہ	بڑا کارساز

خواص سات ہیں:

۱ جو کوئی کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت ﴿یَا وَکِیْلُ﴾ کا ورد کرے گا اور اس اسم کو اپنا وکیل بنا لے گا وہ ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

۲ جو کوئی ہر روز عصر کے وقت سات (۷) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا، وہ اللہ کی پناہ میں رہے گا۔

۳ جو برے کاموں سے نہ بچ سکے دس (۱۰) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور لکھ کر اس کا پانی پیئے ان شاء اللہ برے کام سے نجات ملے گی۔

۴ جو اسے بہت پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے کاموں کا ذمہ دار

ہوگا' اور اس کو اس کی خواہشوں کے حوالے نہیں فرمائے گا۔

۵ جو کوئی اس اسم کو ایک سو چھیانوے (۱۹۶) بار ہر روز پڑھ لے ظالم کے ظلم سے ان شاء اللہ بچا رہے گا اور کسی سے نہیں ڈرے گا۔

۶ ہر حاجت کے لئے اس کی کثرت مفید ہے۔

۵۴ اَلْقَوِیُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْقَوِیُّ جل جلالہ	بڑی طاقت وقوت والا

خواص چھ ہیں:

۱ اگر اسے کم ہمت پڑھے باہمت ہو جائے' اگر کمزور پڑھے زور آور ہو' اگر مظلوم اپنے ظالم کو مغلوب کرنے کیلئے پڑھے تو ان شاء اللہ مغلوب ہو جائے گا۔

۲ ظالم کی ہلاکت یا اس کے شر سے حفاظت کے لئے اس اسم کا ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھنا بہت مفید ہے۔

۳ جس کا رزق تنگ ہو وہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک

پڑھے اور اس کے ساتھ اس آیت کا ورد کرے ﴿اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ﴾ ان شاء اللہ اس کے ساتھ لطف و کرم کا معاملہ ہوگا اور خیر کا دروازہ اس کے لئے کھول دیا جائے گا۔

۴ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا' ان شاء اللہ صاحب قوت ہوگا اور جلد بڑے منصب تک پہنچے گا۔

۵ جس کا دشمن طاقت ور ہو اور یہ اس کو دفعہ کرنے سے عاجز ہو تو تھوڑا سا خمیری آٹا لے کر اس کی ایک ہزار ایک سو (۱۱۰۰) چنے کے برابر یا اس سے بھی چھوٹی گولیاں بنا لے پھر ہر ایک گولی پر ﴿قَوِيُّ﴾ پڑھ کر دشمن کے دفع کی نیت سے مرغ کے آگے ڈالے یہاں تک کہ سب اسی طرح ختم کرے اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو ان شاء اللہ مغلوب و مقہور کرے گا۔ بے محل اور ناحق یہ عمل نہ کرے ورنہ اپنا نقصان ہوگا۔

۶ اگر جمعہ کی دوسری ساعت میں یہ اسم بہت پڑھے گا تو نسیان جاتا رہے گا۔

۵۵ اَلْمَتِیْنُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ	قوت واقتدار والا

خواص پانچ ہیں:

1. جس عورت کا دودھ کم ہو یا نہ ہو اس کو ﴿اَلْمَتِیْنُ﴾ کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں ان شاء اللہ خوب دودھ ہوگا۔
2. جس بچے کا دودھ چھڑایا گیا ہو اور وہ صبر نہ کرتا ہو اسے بھی یہ اسم مبارک دس (۱۰) بار لکھ کر پلایا جائے ان شاء اللہ صبر کرے گا۔
3. جو کوئی ملکی منصب چاہتا ہو وہ اتوار کے دن اول ساعت میں اسی نیت سے تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا ان شاء اللہ وہ منصب پالے گا۔
4. جو اس کا بکثرت ورد کرے گا۔ اس کی مشکل آسان ہو جائے گی اور ان شاء اللہ حاجات پوری ہوں گی۔
5. جو کوئی فاسق و فاجر لڑکے یا لڑکی پر دس (۱۰) بار ﴿اَلْقَوِیُّ

اَلْمَتِیْنُ ﷻ پڑھے گا تو اس کی اصلاح ہو جائے گی اور ان شاء اللہ وہ غلطی سے باز رہے گا۔

۵۶ اَلْوَلِیُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْوَلِیُّ جل جلالہ	مددگار اور حمایتی

خواص چار ہیں:

۱ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا محبوب ہو جائے گا اور اسے ولایت عظمیٰ کا مقام نصیب ہوگا' اور اس پر اشیاء کے حقائق کھول دیئے جائیں گے۔

۲ جس کو کوئی مشکل پیش آئے وہ شب جمعہ میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ مبارک اسم پڑھے' ان شاء اللہ مشکل دور ہو جائے گی اور وہ اولیاء اللہ میں شامل کیا جائے گا۔

۳ اگر بیوی کے پاس جانے کے وقت اس اسم کو پڑھے گا تو دونوں ایک دوسرے کے لئے کارآمد بن جائیں گے۔

۴ جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں اور خصلتوں سے خوش نہ ہو وہ

جب اس کے سامنے جائے اس اسم کو پڑھا کرے ان شاء اللہ نیک خصلت ہو جائے گی۔

﴿۵۷﴾ اَلْحَمِیْدُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْحَمِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	قابل تعریف، تمام خوبیوں کا مالک

خواص آٹھ ہیں:

❶ جو شخص پینتالیس (۴۵) دن تک متواتر ترانوے (۹۳) مرتبہ تنہائی میں ﴿یَا حَمِیْدُ﴾ پڑھا کرے گا اس کی تمام بری خصلتیں اور عادتیں ان شاء اللہ دور ہو جائیں گی۔

❷ جو کوئی اس اسم مبارک کو بہت پڑھے گا پسندیدہ افعال ہو گا۔

❸ جو فحش اور بری باتیں کرنے کا عادی ہو اور اس سے نہ بچ سکے وہ پیالہ پر ﴿اَلْحَمِیْدُ﴾ لکھے، پھر نوے (۹۰) بار پڑھ کر دم کرے اور ہمیشہ اس پیالہ میں پانی پیا کرے، ان شاء اللہ فحش گوئی سے امان پائے گا۔

❹ اگر کوئی گونگا اس اسم کو گھول کر پیئے زبان سے صاف باتیں کرے۔

۵ جو فجر کے بعد ننانوے (۹۹) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے چہرے پر پھیر لیا کرے اللہ تعالیٰ اسے عزت، نصرت اور ان شاء اللہ چہرے کا نور عطا فرمائے گا۔

۶ جو اس اسم کو فرض نماز کے بعد سو (۱۰۰) بار پڑھنے کا معمول بنا لے ان شاء اللہ صالحین میں سے ہو جائے گا۔

۷ جو اس اسم کو فجر اور مغرب کے بعد چھیاسٹھ (۶۶) بار پڑھنے کا معمول بنا لے اسے ان شاء اللہ اقوال و افعال حمیدہ حاصل ہوں گے۔

۸ سورۂ فاتحہ کے بعد یہ اسم لکھ کر کسی مریض کو پلانے سے ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

۵۸ اَلْمُحْصِیْ کے معنی اور اس کے خواص

المحصی جل جلالہٗ	شمار کرنے والا، احاطہ کرنے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ جو شب جمعہ میں ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اللہ

تعالیٰ اسے قیامت کے حساب و کتاب سے نجات عطا فرما دے گا۔

۲ جو روٹی کے دس ٹکڑے لے کر ہر ٹکڑے پر بیس (۲۰) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر کھائے گا' اللہ تعالیٰ اس کے لئے مخلوق کو مسخر فرما دیں گے۔

۳ جو اس کا بکثرت ذکر کرے گا اسے مراقبہ نصیب ہو گا اور اگر اسے اللہ تعالیٰ کے نام ﴿اَلْمُحِيْطُ﴾ کے ساتھ ملا کر پڑھ لیا جائے تو اسے بے شمار علوم عطا کئے جائیں گے۔

۴ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھا کرے ان شاء اللہ گناہ سے بچا رہے۔

۵ جو کوئی دس (۱۰) بار یہ اسم مبارک پڑھا کرے' اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور پناہ رہے۔

۵۹ اَلْمُبْدِئُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُبْدِئُ جل جلالہ	پہلی بار پیدا کرنے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ اگر کوئی اس اسم کا ورد رکھے تو اس کی زبان سے صحیح اور درست

بات جاری ہوگی۔

۲ جس کی بیوی کو حمل ہو اور وہ اسقاط حمل سے ڈرتا ہو وہ سحر کے وقت نوے (۹۰) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر شہادت کی انگلی بیوی کے پیٹ کے گرد یا شکم پر پھیر دے حمل ان شاء اللہ ساقط نہ ہوگا۔

۳ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے افعال نیک اس سے سرزد ہوں، گناہوں سے بچا رہے۔

۴ جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو وہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ مال مل جائے گا۔

۵ جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ حق تعالیٰ شانہ اسے تمام بلیات سے نجات دے گا۔

۶۰ اَلْمُعِیْدُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُعِیْدُ جل جلالہ	دوبارہ زندہ کرنے والا

خواص تین ہیں:

۱ گمشدہ شخص کو واپس بلانے کے لیے جب گھر کے تمام آدمی سو

جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں ستر ستر مرتبہ ﴿یَامُعِیْدُ﴾ پڑھے ان شاء اللہ گم شدہ سات روز میں واپس آ جائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

۲ جو کوئی کسی معاملہ میں متحیر ہو وہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے، خلجان دور ہو جائے گا اور ان شاء اللہ درست سمت کی طرف رہنمائی ہو گی۔

۳ اگر کوئی بات یا چیز بھول گیا ہو تو ﴿یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ﴾ کا ورد کرنے سے ان شاء اللہ یاد آ جائے گی نیز اس کے پڑھنے سے مخفی امور کی طرف بھی رہنمائی ہوتی ہے۔

۶۱ اَلْمُحْیِیُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُحْیِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ	زندگی دینے والا

خواص آٹھ ہیں:

۱ جو اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھنے کا معمول بنائے گا، ان شاء اللہ اس کا دل زندہ ہو جائے گا، اور بدن میں تقویت

پیدا ہوگی۔

۲ جو شخص بیمار ہو وہ بکثرت ﴿اَلْمُحْیِیُ﴾ کا ورد رکھے' یا کسی دوسرے پر یہ اسم مبارک بکثرت پڑھ کر دم کر دے' ان شاء اللہ صحت یاب ہو جائے گا۔

۳ جو شخص نواسی (۷۹) بار ﴿اَلْمُحْیِیُ﴾ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے گا وہ ہر طرح کی قید و بند سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔

۴ جو کوئی درد یا کسی عضو کے ضائع ہونے سے خائف ہو وہ ﴿اَلْمُحْیِیُ﴾ سات (۷) بار پڑھے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔

۵ جو ہفت اندام کے درد کو دور کرنے کے لئے سات (۷) روز تک سات بار پڑھ کر دم کرے گا تندرست ہو جائے گا۔

۶ جس کو کسی سے جدائی کا اندیشہ ہو یا قید کا خوف ہو اس اسم مبارک کو بکثرت پڑھے۔

۷ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا ان شاء اللہ اس کا دل منور ہو جائے گا۔

۸ جو کسی کے قہر سے ڈرتا ہو وہ روٹی کے ایک ٹکڑے پر اٹھاون (۵۸) بار یہ اسم پڑھ کر کھا لے۔ ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔

۶۲ اَلْمُمِيْتُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

اَلْمُمِيْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ	موت دینے والا

خواص چار ہیں:

1. جو کوئی یہ اسم اس قدر پڑھے کہ اس پر حال طاری ہو جائے پھر وہ ظالموں فاسقوں میں سے کسی کی ہلاکت کی دعا کرے تو اسی وقت ہلاک ہو جائے گا۔

2. جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا اس کا نفس ان شاء اللہ مغلوب ہو جائے گا۔

3. جس کو اسراف کی عادت ہو یا اس کا نفس عبادت پر آمادہ نہ ہوتا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر ﴿اَلْمُمِيْتُ﴾ پڑھتے پڑھتے سو جائے تو ان شاء اللہ اس کا نفس مطیع ہو گا۔

4. جو اس اسم کو سات (۷) بار پڑھ کر دم کرے گا' ان شاء اللہ اس پر جادو اثر نہ کرے گا۔

﴿۶۳﴾ اَلْحَیُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْحَیُّ جل جلالہ	ہمیشہ زندہ رہنے والا

خواص پانچ ہیں:

1. جو کوئی روزانہ تین (۳) بار ﴿اَلْحَیُّ﴾ کا ورد وکھے گا ان شاء اللہ کبھی بیمار نہ ہوگا۔

2. اگر کوئی اس اسم کو چینی کے برتن پر مشک اور گلاب سے لکھ کر شیریں (میٹھے) پانی سے دھوکر پیئے یا کسی دوسرے بیمار کو پلائے تو ان شاء اللہ شفائے کامل نصیب ہوگی۔

3. جو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک کسی بیمار پر پڑھے گا اس کی عمر ان شاء اللہ دراز ہوگی اور قوت روحانیہ اس میں زیادہ ہوگی۔

4. کسی سخت حاجت کے وقت اگر کوئی اپنے نام کے اعداد کے موافق مع اول وآخر درود شریف ایک وقت مقرر کر کے ﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ﴾ پڑھا کرے تو

اس کی حاجت پوری ہوگی۔

۵ اگر کوئی اس اسم کو ایک سو بیس (۱۲۰) دفعہ کاغذ پر لکھ کر دروازہ پر لٹکا دے تو اس گھر میں جتنے لوگ رہتے ہوں گے وہ ان شاء اللہ برے امراض سے محفوظ رہیں گے۔

۶۴ اَلْقَیُّوْمُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْقَیُّوْمُ جل جلالہٗ	سب کو قائم رکھنے اور تھامنے والا

خواص نو ہیں:

۱ جو اس اسم کو ہر روز تنہائی میں سترہ (۱۷) بار پڑھے گا ان شاء اللہ کند ذہنی سے نجات پائے گا اور اس کا حافظہ قوی اور دل منور ہو جائے گا۔

۲ جس آدمی کو نیند نہ آتی ہو وہ یہ دو آیتیں پڑھے: ﴿وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ﴾ (سورۂ کہف: آیت ۱۸) ﴿فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ﴾ (سورۂ کہف: آیت ۱۱) ان شاء اللہ نیند آجائے گی یہ عمل دوسرے پر بھی کیا جا سکتا ہے۔

اور جو زیادہ سونے کا عادی ہو اس کے سر پر ﴿الٓمّٓ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ﴾ پڑھ کر دم کیا جائے ان شاء اللہ اس کی نیند بھاگ جائے گی۔

٣ اگر کوئی چاہے کہ اس کا دل زندہ ہو جائے اور کبھی نہ مرے تو وہ ہر دن چالیس (٤٠) بار یہ پڑھا کرے: ﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ﴾

٤ جاننا چاہیے کہ ﴿اَلْحَیُّ اَلْقَیُّوْمُ﴾ دونوں عظیم نام ہیں اور حضوری کیفیت رکھنے والے لوگوں کا ذکر ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کہ وہ یہ دعا صبح وشام پڑھا کریں:

((یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ))

٥ جو شخص بکثرت ﴿اَلْقَیُّوْمُ﴾ کا ورد رکھے گا ان شاء اللہ لوگوں میں اس کی عزت زیادہ ہوگی۔

٦ جو تنہائی میں بیٹھ کر اس کا ورد کرے گا ان شاء اللہ خوش حال ہو جائے گا۔

۷ جو شخص صبح کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے سے تک ﴿یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ﴾ کا ورد کرے گا ان شاء اللہ اس کی سستی و کاہلی دور ہو جائے گی۔

۸ سحر کے وقت جو کوئی بلند آواز سے اس کو پڑھے گا اس کا تصرف دلوں میں ظاہر ہو گا یعنی لوگ اسے دوست رکھیں گے۔

۹ جو اکتالیس (۴۱) بار روزیہ دعا مانگے گا ان شاء اللہ اس کا مردہ دل زندہ ہو جائے گا ﴿یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا﴾

۶۵ اَلْوَاجِدُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْوَاجِدُ جل جلالہ	وہ جس کے پاس ہر چیز ہے، وہ غنی ذات جو کبھی مفلس و محتاج نہ ہو

خواص چھ ہیں:

۱ جو شخص کھانا کھاتے وقت ﴿یَاوَاجِدُ﴾ کا ورد رکھے غذا اس کے قلب کی طاقت و قوت اور نورانیت کا باعث ہو گی۔ ان شاء اللہ

۲ جو تنہائی میں بکثرت اس اسم کو پڑھے گا مالدار ہو گا۔

۳ جو کوئی کھانا کھانے کے وقت ہر نوالے کے ساتھ اس کو پڑھے گا وہ کھانا ان شاء اللہ پیٹ میں نور ہو گا۔ اور بیماری دور ہو گی۔

۴ جو اس اسم کو بہت پڑھے گا اس کا دل ان شاء اللہ غنی ہو گا۔

۵ جو اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

۶ جو اسے اس قدر پڑھے گا کہ اس پر حال طاری ہو جائے وہ اپنے باطن میں ایسی معرفت پائے گا جس کا اس نے پہلے مشاہدہ نہیں کیا ہو گا۔

۶۶ اَلْمَاجِدُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمَاجِدُ جل جلالہ	بزرگی اور بڑائی والا

خواص چار ہیں:

۱ جو تنہائی میں یہ اسم اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے تو ان شاء اللہ اس کے قلب پر انوار الٰہیہ ظاہر ہونے لگیں گے۔

۲ اگر کوئی اس اسم کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو ان شاء اللہ مریض شفا پائے۔

۳ جو اس اسم کو دس (۱۰) بار شربت پر پڑھ کر پی لیا کرے گا وہ ان شاء اللہ بیمار نہ ہوگا۔

۴ جو اس کو بکثرت پڑھے گا مخلوق کی نگاہ میں عزیز و بزرگ ہوگا۔

۶۷ اَلْوَاحِدُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْوَاحِدُ جل جلالہ	اپنی ذات و صفات میں یکتا، لا ثانی

خواص تین ہیں:

۱ جو کوئی روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ﴿اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ﴾ پڑھا کرے اس کے دل سے ان شاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔

۲ جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ ﴿اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ﴾ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔

۳ جو کوئی تنہائی سے ہراساں ہو وہ باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار اس اسم کو پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا اور اس کے لئے عجائبات ظاہر ہوں گے۔

﴿۶۸﴾ اَلْاَحَدُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْاَحَدُ جل جلالہ	ایک اکیلا اپنی ذات وصفات میں یکتا

خواص سات ہیں:

❶ جو کوئی روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ﴿اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ﴾ پڑھا کرے اس کے دل سے ان شاء اللہ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔

❷ جس شخص کی اولاد نہ ہوتی ہو وہ ﴿اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ﴾ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے' ان شاء اللہ اس کو اولاد صالح نصیب ہوگی۔

❸ حضور اکرم ﷺ نے ایک شخص کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا:

" اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔"

تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس

اسم اعظم کے ذریعہ دعا کی ہے جس کے ذریعے جب مانگا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔ (ابوداؤد، ترمذی)

۴ جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

۵ جو کوئی اس اسم کو نو (۹) مرتبہ پڑھ کر حاکم کے آگے جائے گا، ان شاء اللہ عزت و سرفرازی پائے گا۔

۶ جو کوئی سانپ کے کاٹے پر ایک سو ایک (۱۰۱) بار ﴿اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ﴾ پڑھ کر دم کرے، ان شاء اللہ سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہو جائے گا۔

۷ جو تنہائی میں اسے ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے گا ان شاء اللہ فرشتہ خصلت ہو جائے گا۔

۶۹ اَلصَّمَدُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلصَّمَدُ جل جلالہ	ہر چیز سے بے نیاز

خواص پانچ ہیں:

۱ جو کوئی سحر کے وقت سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو پندرہ (۱۱۵) یا

ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اس کو ان شاء اللہ ظاہری سچائی نصیب ہوگی، اور کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار نہ ہوگا۔

2. جو شخص باوضو اس اسم کا ورد جاری رکھے وہ ان شاء اللہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔

3. جو کوئی یہ اسم ایک سو چونتیس (۱۳۴) بار پڑھے آثارِ صمدانی ظاہر ہوں اور ان شاء اللہ کبھی بھوکا نہ رہے۔

4. جو کوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے اس کی مشکلیں آسان ہوں۔

5. جو اسے ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھا کرے گا دشمن پر ان شاء اللہ فتح پائے گا۔

۷۰ اَلْقَادِرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْقَادِرُ جل جلالہ	قدرت والا

خواص چار ہیں:

1. اگر کوئی وضو میں ہر عضو کو دھوتے وقت ﴿اَلْقَادِرُ﴾ پڑھے گا تو

کسی ظالم کے ہاتھ ان شاء اللہ گرفتار نہ ہوگا اور کوئی دشمن اس پر فتح نہ پائے گا۔

۱۲ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو اکتالیس (۴۱) بار یہ اسم مبارک پڑھے ان شاء اللہ وہ کام آسان ہو جائے گا۔

۱۳ جو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ جمیع آفات سے بچا رہے۔

۱۴ جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر سو (۱۰۰) مرتبہ ﴿اَلْقَادِرُ﴾ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو ذلیل و رسوا فرما دے گا اگر وہ حق پر ہوگا اور ظاہری طاقت کے علاوہ اسے عبادت کی باطنی طاقت بھی عطا فرمائے گا۔

۷۰ اَلْمُقْتَدِرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُقْتَدِرُ جل جلالہ	پوری قدرت رکھنے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ جو کوئی سو کر اٹھنے کے بعد بکثرت ﴿اَلْمُقْتَدِرُ﴾ کا ورد کرے یا کم از کم بیس (۲۰) مرتبہ پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کے تمام

کام آسان اور درست ہو جائیں گے۔

۲ جو کوئی اس اسم کو پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کا دشمن مغلوب ہو گا۔

۳ جو اس کا روزانہ بیس (۲۰) مرتبہ ورد رکھے گا ان شاء اللہ رحمت الٰہی میں رہے گا۔

۴ جو اس نام کو توجہ کے ساتھ پڑھتا رہے ان شاء اللہ اس کی غفلت دور ہو جائے گی۔

۵ جو شخص حقیقتاً مظلوم ہو وہ مہینے کی آخری رات میں اندھیرے کمرے میں ننگی زمین پر دو رکعت نماز پڑھے اور دوسری رکعت کے آخری سجدے میں ﴿اَلْمُقْتَدِرُ الشَّدِيْدُ الْقَوِیُّ الْقَاهِرُ﴾ پڑھ کر ظالم کے خلاف دعا کرے ان شاء اللہ قبول ہو گی۔

۷۲ اَلْمُقَدِّمُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُقَدِّمُ جل جلالہ	آگے کرنے والا

خواص چار ہیں:

۱ جو شخص جنگ کے وقت ﴿اَلْمُقَدِّمُ﴾ کثرت سے پڑھتا رہے

گا اللہ تعالیٰ اسے پیش قدمی کی قوت عطا فرمائے گا اور دشمنوں سے محفوظ رکھے گا، زخم ورنج نہیں پہنچے گا۔

۲ جو شخص ہر وقت ﴿یَا مُقَدِّمُ﴾ کا ورد رکھے گا ان شاء اللہ وہ اللہ تعالیٰ کا مطیع وفرماں بردار بن جائے گا۔

۳ جو کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا وہ دشمن پر ان شاء اللہ غالب رہے گا اور اطاعت الٰہی میں اس کا نفس فرمانبردار ہو گا۔

۴ جو اس کو نو (۹) دفعہ شرینی پر پڑھ کر کسی کو کھلائے گا تو ان شاء اللہ وہ اس سے محبت کرے گا غلط اور ناجائز مقصد کے لیے یہ عمل کرنا حرام ہے اور سخت نقصان دہ ہے۔

۷۳ اَلْمُؤَخِّرُ کے معنی اور اسکے خواص

المؤخر جل جلالہ	پیچھے رکھنے والا

خواص سات ہیں:

۱ جو شخص کثرت سے ﴿اَلْمُؤَخِّرُ﴾ کا ورد رکھے گا اسے ان شاء اللہ سچی توبہ نصیب ہوگی۔

۲ جو شخص روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ اس اسم کو پابندی سے پڑھا کرے اس کو ان شاء اللہ حق تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہو گا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔

۳ علماء کرام فرماتے ہیں کہ ﴿اَلْمُقَدِّمُ﴾ اور ﴿اَلْمُؤَخِّرُ﴾ کو ایک ساتھ پڑھتا رہے جب کوئی مشکل پیش آئے اکیس (۲۱) بار اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

۴ جو اڑتالیس (۴۸) دن تک روزانہ تین ہزار (۳۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ وہ جو چاہے گا پائے گا۔

۵ جو اکتالیس (۴۱) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اس کا نفس ان شاء اللہ مطیع ہو گا۔

۶ جو ہر روز سو (۱۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھتا رہے گا ان شاء اللہ اس کے سب کام انجام کو پہنچیں گے۔

۷ حضور اکرم ﷺ سے یہ دعا منقول ہے:

"اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَ مَا اَخَّرْتُ وَ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ" (بخاری شریف)

﴿۴۷﴾ اَلْاَوَّلُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْاَوَّلُ جل جلالہ	سب سے پہلا

خواص پانچ ہیں:

① جو مسافر ہو وہ جمعہ کے دن ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ جلد بخیریت وطن واپس پہنچے گا۔

② جس شخص کے لڑکا نہ ہو وہ چالیس (۴۰) مرتبہ روزانہ ﴿اَلْاَوَّلُ﴾ پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کی مراد پوری ہوگی اور سب مشکلیں آسان ہوں گی۔

③ جو چالیس (۴۰) شبِ جمعہ ہر شب کو عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اس کی ان شاء اللہ تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

④ جو ہر روز گیارہ (۱۱) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا تمام خلقت ان شاء اللہ اس پر مہربانی کرے گی۔

⑤ جو سو (۱۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا' ان شاء اللہ اس کی بیوی

اس سے محبت کرے گی۔

﴿۷۵﴾ اَلْآخِرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْآخِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	سب سے پچھلا

خواص پانچ ہیں:

1 جو شخص روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ﴿اَلْآخِرُ﴾ پڑھا کرے اس کے دل سے غیر اللہ کی محبت دور ہو جائے گی اور ان شاء اللہ ساری عمر کی کوتاہیوں کا کفارہ ہو جائے گا' اور خاتمہ بالخیر ہو گا اور نیک اعمال سرزد ہوں گے۔

2 جس کی عمر آخر کو پہنچ گئی ہو اور نیک اعمال نہ رکھتا ہو وہ اس اسم کا ورد کرے حق تعالیٰ اس کی عاقبت ان شاء اللہ بہتر کرے گا۔

3 جو کوئی کسی جگہ جائے اور اس اسم کو پڑھ لے وہاں عزت اور توقیر پائے گا۔

4 جو اس اسم کو دفع دشمن کے لئے پڑھے گا ان شاء اللہ کامیاب ہو گا۔

5 جو عشاء کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ یہ اسم پڑھنے کا معمول

بنائے اس کی آخری عمر ان شاء اللہ پہلی عمر سے بہتر ہوگی۔

۷۶ اَلظَّاھِرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلظَّاھِرُ جل جلالہ	نمایاں، واضح

خواص چھ ہیں:

۱ جو شخص نماز اشراق کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ ﴿اَلظَّاھِرُ﴾ کا ورد کرے گا اللہ تعالی اس کی آنکھوں میں روشنی اور دل میں نور عطا فرمائے گا۔ ان شاء اللہ۔

۲ اگر بارش وغیرہ کا خوف ہو تو یہ اسم مبارک بکثرت پڑھے، ان شاء اللہ امان پائے گا۔

۳ اگر کوئی گھر کی دیوار پر یہ اسم مبارک لکھے ان شاء اللہ دیوار سلامت رہے۔

۴ جو کوئی سرمہ پر گیارہ (۱۱) بار یہ اسم مبارک پڑھ کر آنکھوں میں لگائے لوگ اس سے مہربانی کریں۔

۵ جو جمعہ کے دن پانچ سو (۵۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا اس

کا باطن پرنور ہوگا اور ان شاء اللہ دشمن مغلوب ہوگا۔

٦ یہ ارباب مکاشفات کا ذکر ہے۔

٧٧ اَلْبَاطِنُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْبَاطِنُ جل جلالہ	پوشیدہ، پنہاں

خواص آٹھ ہیں:

١ جو شخص روزانہ تینتیس (٣٣) بار ﴿یَابَاطِنُ﴾ پڑھا کرے ان شاء اللہ اس پر باطنی اسرار ظاہر ہونے لگیں گے اور اس کے قلب میں انس و محبت الٰہی پیدا ہوگی۔

٢ جو شخص دو رکعت نماز ادا کرے اس کے بعد ﴿هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾ ایک سو پینتالیس (١٤٥) بار پڑھے ان شاء اللہ اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

٣ جو کوئی اس اسم کو اکتالیس (٤١) بار پڑھے ان شاء اللہ اس کا

قلب نورانی ہو جائے گا۔

۴ جو اس اسم کو ہر نماز کے بعد تینتیس (۳۳) بار پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کو جو دیکھے گا محبت کرے گا۔

۵ جو کوئی ہر روز اپنے دل میں یا زبان سے تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار اس کا ورد عشاء یا فجر یا کسی بھی نماز کے بعد کرے گا صاحب باطن اور واقف اسرار الٰہی ہو گا۔

۶ جو کسی کو امانت سونپے، یا زمین میں دفن کرے وہ کاغذ پر ﴿اَلْبَاطِنُ﴾ لکھ کر اس کے ساتھ رکھ دے ان شاء اللہ کوئی اس میں خیانت نہ کر سکے گا۔

۷ جو ہر روز اسی (۸۰) بار کسی نماز کے بعد اس کو پڑھے گا واقف اسرار الٰہی ہو گا۔ ان شاء اللہ۔

۸ جو ہر روز تین (۳) بار ایک گھنٹہ تک اس کو پڑھے اس کو انسیت الٰہی نصیب ہو گی۔

۷۸ اَلْوَالِیُّ کے معنی اور اس کے خوص

اَلْوَالِیُّ جل جلالہ	متولی و متصرف، حاکم و فرماں رواں، کارساز مالک

خواص سات ہیں:

۱ جو کوئی اپنا یا کسی اور کا گھر ہر بلا اور بربادی سے بچانا چاہتا ہے تین سو (۳۰۰) بار ﴿اَلْوَالِیُّ﴾ پڑھے ان شاء اللہ وہ گھر محفوظ رہے گا۔

۲ اگر کسی کو تسخیر کرنے کی نیت سے گیارہ (۱۱) بار پڑھے گا وہ آدمی اس کا مطیع و منقاد ہو گا۔ ان شاء اللہ۔

۳ بالکل نئے اور کورے آبخورے پر ﴿اَلْوَالِیُّ﴾ لکھ کر اور پڑھ کر اس میں پانی بھرے، پھر پانی کو گھر کے در و دیوار پر چھڑکے تو وہ گھر ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔

۴ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے مخلوق میں ان شاء اللہ ذی مرتبہ ہو گا۔

۵ جو شخص کثرت سے ﴿اَلْوَالِیُ﴾ کا ورد رکھے گا وہ ان شاء اللہ ناگہانی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

۶ اسے کثرت سے پڑھنا بجلی کی کڑک سے حفاظت کے لیے مفید ہے۔

۷ اس اسم کا ذکر ان لوگوں کے لئے بہت مفید ہے جن کو لوگوں پر بالادستی حاصل ہے مثلاً: حاکم، افسر، شیخ وغیرہ۔

۷۹ اَلْمُتَعَالِ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُتَعَالُ جل جلالہ	بہت بلند و برتر

خواص سات ہیں:

۱ جو شخص کثرت سے ﴿اَلْمُتَعَالِ﴾ کا ورد رکھے ان شاء اللہ اس کی تمام مشکلات رفع ہوں گی۔

۲ جو عورت حالت حیض میں کثرت سے اس اسم کا ورد رکھے ان شاء اللہ اس کی تکلیف رفع ہو گی۔

۳ جو بدکردار عورت ایام کی حالت میں اس اسم کو بہت پڑھے گی

وہ اپنی بدفعلی سے نجات پائے گی۔

۴ جو شخص اتوار کی رات کو غسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے اس کو تین (۳) بار پڑھ کر جو دعا مانگے گا ان شاء اللہ قبول ہو گی۔

۵ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے رفعت (بلندی) حاصل ہوتی ہے۔

۶ جو حاکم کے پاس جاتے وقت یہ اسم پڑھ لے اسے حجت اور غلبہ نصیب ہو گا۔ ان شاء اللہ۔

۷ دشمن کی ہلاکت کے لئے سات (۷) دن تک روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھنا مفید ہے۔

۸۰ اَلْبَرُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْبَرُّ جل جلالہ	نیکوکار، نیک سلوک کرنے والا

خواص نو ہیں:

۱ جو کوئی شراب خوری یا زناکاری جیسے گناہوں میں گرفتار ہو وہ روزانہ سات (۷) بار یہ اسم پڑھے ان شاء اللہ اس کا دل

گناہوں سے ہٹ جائے گا۔

٢ جو اس کو آندھی وغیرہ کی آفتوں کے ڈر سے پڑھے ان شاء اللہ امن میں رہے گا۔

٣ جو شخص جب دنیا میں مبتلا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے، ان شاء اللہ دنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے گی۔

٤ جو کوئی اس اسم مبارک کو ایک سانس میں سات (٧) بار اپنے لڑکے پر پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے سپرد کرے گا وہ بچہ ان شاء اللہ بلوغ تک تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

٥ جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا عزیز خلائق ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

٦ یہ اسم خشکی اور سمندر کے مسافر کے لئے امان ہے۔

٧ جو اس اسم کو اپنے بچے کے سر پر پندرہ (١٥) بار پڑھ کر یہ دعا مانگے: "﴿اَللّٰھُمَّ بِبَرَکَةِ ھٰذَا الْاِسْمِ رَبِّہٖ لَا یَتِیْمًا وَّلَا لَئِیْمًا﴾ تو ان شاء اللہ یہ دعا قبول ہوگی، اور بچہ نہ یتیم ہوگا اور نہ لئیم۔

٨ گناہ کبیرہ کا مرتکب اگر سات سو (٧٠٠) بار یہ اسم مبارک پڑھے تو ان شاء اللہ گناہوں سے توبہ کی توفیق پائے۔

۹ اگر اس کے ساتھ ﴿اَلرَّحِیْمُ﴾ ملا کر ﴿یَا بَرُّ یَا رَحِیْمُ﴾ پڑھا جائے تو یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے

۸۱ اَلتَّوَّابُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلتَّوَّابُ جل جلالہ	توبہ قبول کرنے والا، توبہ کی توفیق دینے والا

خواص چھ ہیں:

۱ جو کوئی نماز چاشت کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھا کرے گا۔ ان شاء اللہ اسے سچی توبہ نصیب ہوگی۔

۲ جو شخص کثرت سے اس اسم کو پڑھا کرے گا ان شاء اللہ اس کے تمام کام آسان ہوں گے اور نفس کو طاعت میں خوشی ہوگی۔

۳ اگر کسی ظالم پر دس (۱۰) مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کیا جائے تو ان شاء اللہ اس سے خلاصی نصیب ہوگی۔

۴ جو کوئی چاشت کی نماز کے بعد ﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ﴾ پڑھے اس کے گناہ ان شاء اللہ بخشے جائیں گے۔

۵ جو اکتالیس (۴۱) دن تک آٹھ سو (۸۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا' ان شاء اللہ ظاہر و باطن کی نعمتوں سے نوازا جائے گا۔

۶ جو کوئی اس اسم کو لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر شراب کے عادی کو پلائے تو اس کی عادت چھوٹ جائے گی اور وہ ان شاء اللہ تائب ہو جائے گا۔

۸۲ اَلْمُنْتَقِمُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

المنتقم جل جلالہ	بدلہ لینے والا

خواص چار ہیں:

۱ جو شخص حق پر ہو اور دشمن سے بدلہ لینے کی اس میں قدرت نہ ہو وہ تین (۳) جمعہ تک بکثرت ﴿یَا مُنْتَقِمُ﴾ پڑھے اللہ تعالیٰ دشمن سے خود ان شاء اللہ انتقام لے لیں گے۔

۲ جو کوئی آدھی رات کو یہ اسم مبارک جس نیت سے پڑھے گا وہ کام ان شاء اللہ سرانجام ہو گا۔

۳ جو کوئی عشاء یا فجر کی نماز کے بعد چالیس (۴۰) دن تک روزانہ

ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار ﴿یَا قَھَّارُ یَا مُذِلُّ یَا مُنْتَقِمُ﴾ پڑھے گا تو ان شاء اللہ ظالم ہلاک ہوگا۔

۴ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا ان شاء اللہ اس کی آنکھ ہرگز نہیں دکھے گی۔

۸۳ اَلْعَفُوُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْعَفُوُّ جل جلالہ	بہت معاف کرنے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ جو شخص کثرت سے ﴿اَلْعَفُوُّ﴾ پڑھے گا ان شاء اللہ اس کے گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادے گا اور اچھے اعمال کی توفیق بخشے گا۔

۲ جو تین (۳) ہفتہ تک اس اسم کا ورد رکھے گا سب دشمن اس کے دوست بن جائیں گے اور لوگوں میں معزز ہوگا۔

۳ جو کوئی کسی شخص سے ڈرتا ہو اس اسم مبارک کو بہت پڑھے ان شاء اللہ خوف دور ہوگا۔

۴ اگر اس اسم کے ساتھ ﴿اَلْغَفُوْرُ﴾ کو بھی ملا لیا جائے تو یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہو گا۔

۵ جو اسے ایک سو چھپن (۱۵۶) بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے خوف سے امن عطا فرمائے گا۔

۸۴ اَلرَّءُوْفُ کے معنیٰ اور اس کے خواص

اَلرَّءُوْفُ جل جلالہ	بڑا مہربان، انتہائی شفیق

خواص تین ہیں:

۱ جو کسی مظلوم کو ظالم کے ہاتھ سے چھڑانا چاہے ﴿یَا رَءُوْفُ﴾ دس (۱۰) بار پڑھے وہ ظالم اس کی شفاعت قبول کرے گا۔

۲ جو کوئی اسے بکثرت پڑھے گا ظالم کا دل اس پر مہربان ہو گا اور سب لوگ اس کو درست رکھیں گے، اور ان شاء اللہ اس پر مہربان ہوں گے۔

۳ جو شخص (۱۰) مرتبہ درود شریف اور دس (۱۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا۔ ان شاء اللہ اس کا غصہ رفع ہو جائے گا اور دوسرے

غضب ناک شخص پر دم کرے تو اس کا غصہ بھی دور ہو جائے گا۔

۸۵ مَالِكُ الْمُلْكِ کے معنی اور اس کے خواص

مَالِكُ الْمُلْكِ جل جلاله	سارے جہاں کا مالک

خواص چار ہیں:

۱ جو شخص ﴿يَا مَالِكَ الْمُلْكِ﴾ کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کو غنی اور لوگوں سے بے نیاز فرما دے گا اور ان شاء اللہ وہ کسی کا محتاج نہیں رہے گا۔

۲ جو بادشاہ کسی ملک کو فتح کرنا چاہتا ہو وہ اس اسم کو بہت پڑھے ان شاء اللہ کامیاب ہوگا۔

۳ جو ﴿يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ﴾ بہت پڑھے گا وہ اگر فقیر ہوگا تو غنی ہو جائے گا۔ مگر یہ اسم کمال جلال رکھتا ہے۔

۴ جو بادشاہ اپنی حکومت کا استحکام چاہتا ہو وہ اس اسم کو بکثرت پڑھے۔

﴿۸۶﴾ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کے معنی

اور اس کے خواص

ذو الجلال والاکرام جل جلالہ	عظمت وجلال اور انعام واکرام والا

خواص تین ہیں

﴿۱﴾ جو شخص کثرت سے ﴿یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ﴾ پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اس کو عزت وعظمت اور مخلوق سے استغناء عطا فرمائیں گے۔

﴿۲﴾ بعض اس کو اسم اعظم کہتے ہیں۔ جو شخص ﴿یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِكَ الْخَیْرُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾ سو (۱۰۰) بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی بیمار کو پلائے تو ان شاء اللہ بیمار شفا پائے گا۔ اگر دل غمگین ہو گا تو اس عمل سے ان شاء اللہ مسرور ہو گا۔

﴿۳﴾ جو کوئی روزانہ پابندی سے تین سو تینتیس (۳۳۳) بار ﴿یَا

مَالِكُ الْمُلْكِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ﴿ پڑھے گا' دنیا
اس کی فرمانبردار رہے گی۔

﴿۸۷﴾ اَلْمُقْسِطُ کے معنی اور اس کے خواص

المقسط جل جلالہ	عدل وانصاف کرنے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ جو کوئی روزانہ اس اسم کو پڑھا کرے وہ ان شاء اللہ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

۲ اگر کوئی شخص کسی خاص اور جائز مقصد کے لیے سات سو (۷۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا تو ان شاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔

۳ جو کسی رنج میں مبتلا ہو وہ ہر روز ستر (۷۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے ان شاء اللہ رنج سے نجات پائے گا۔

۴ جو کوئی اس اسم کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا شیطان کے شر اور وسوسے سے بے خوف ہوگا۔

۵ اس اسم کی کثرت عبادات میں وسوسوں سے بچنے کا بہترین علاج ہے۔

۸۸ اَلْجَامِعُ کے معنی اور اس کے خواص

الجامع جل جلاله	سب کو جمع کرنے والا

خواص چار ہیں:

۱ جس شخص کے رشتہ دار اور احباب منتشر ہو گئے ہوں وہ چاشت کے وقت غسل کرے اور آسمان کی طرف منہ کرکے دس (۱۰) مرتبہ ﴿یَا جَامِعُ﴾ پڑھے' اور ایک انگلی بند کرلے اسی طرح ہر دس (۱۰) مرتبہ پر ایک ایک انگلی بند کرتا جائے' جب ساری انگلیاں بند ہو جائیں تو آخر میں دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے ان شاء اللہ جلد سب جمع ہو جائیں گے۔

۲ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو ﴿اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِجْمَعْ ضَالَّتِیْ﴾ پڑھا کرے وہ چیز ان شاء اللہ مل جائے گی۔

۳ جائز محبت کے لئے بھی مذکورہ بالا دعا بے مثل ہے

۴ اپنے بچھڑے ہوئے اقارب سے ملنے کے لئے اس اسم کا ایک سو چودہ (۱۱۴) بار کھلے آسمان کے نیچے پڑھنا مفید ہے۔

۸۹ اَلْغَنِیُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْغَنِیُّ جل جلالہ	بڑا بے نیاز

خواص آٹھ ہیں:

۱ جو شخص ستر (۷۰) بار روزانہ ﴿یَاغَنِیُّ﴾ پڑھا کرے، اللہ تعالیٰ اس کے مال میں برکت عطا فرمائے گا اور ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

۲ جو شخص کسی ظاہری یا باطنی مرض یا بلا میں گرفتار ہو وہ اپنے تمام اعضاء اور جسم پر ﴿یَاغَنِیُّ﴾ پڑھ کر دم کیا کرے، انشاء اللہ نجات پائے گا یہ مرض طمع (لالچ) کا بھی علاج ہے۔

۳ جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھا کرے وہ ان شاء اللہ مالدار ہو جائے گا اور محتاج نہ ہو گا۔

۴ جو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے مفلس نہ ہو۔

۵ جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے مال میں رکھے ان شاء اللہ اس میں برکت ہوگی۔

۶ جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے گا اس کے اعضاء کا درد جاتا رہے گا۔

۷ جو کوئی جمعرات کے دن ہزار (۱۰۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا ان شاء اللہ دولت پائے گا۔

۸ جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد ستر (۷۰) بار پابندی سے یہ دعا مانگا کرے گا اللہ تعالیٰ اسے غنی فرما دے گا:

"اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وُدُوْدُ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِیَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔"

۹۰ اَلْمُغْنِیْ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمُغْنِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ	غنی اور بے نیاز کرنے والا

خواص گیارہ ہیں:

١ جو شخص اول اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ سو (١١٠٠) مرتبہ وظیفہ کی طرح یہ اسم پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ظاہر و باطنی غنا عطا فرمائے گا یہ عمل فجر یا عشاء کی نماز کے بعد کرے اور اس کے ساتھ سورۂ مزمل بھی تلاوت کرے۔

٢ جو کوئی اس اسم کو ایک ہزار دو سو سڑسٹھ (١٢٦٧) بار ہر روز بلا ناغہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ غنی ہو جائے گا۔

٣ جو کوئی اس اسم مبارک کو لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی فقیر نہ ہو۔

٤ جو کوئی دس جمعوں تک ہر جمعہ کو ایک ہزار (١٠٠٠) بار یا دس (١٠) بار یہ اسم پڑھے گا ان شاء اللہ مخلوق سے بے نیاز ہو گا۔

٥ جو کوئی قربت سے پہلے ستر (٧٠) بار یہ اسم پڑھ لے تو بہت امساک ہو گا۔

٦ جو بہت مفلس ہو وہ فجر کے وقت فرض و سنت کے درمیان دو سو (٢٠٠) بار اور ظہر، عصر اور مغرب کے بعد دو سو (٢٠٠) بار اور عشاء کے بعد تین سو (٣٠٠) بار یہ اسم مبارک پڑھے

ان شاء اللہ غنی ہو گا۔

۷ جو کوئی اس اسم مبارک کو گیارہ سو (۱۱۰۰) بار روزانہ پڑھا کرے اسے صفائی قلب حاصل ہو گی۔

۸ جو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ ﴿یَامُغْنِیُ﴾ اور بسم اللہ کے ساتھ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار ﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ﴾ اور بغیر بسم اللہ کے سو (۱۰۰) بار درود شریف اور دو (۲) دفعہ سورۃ مزمل پڑھے گا اس کی روزی میں خوب وسعت ہو گی۔

۹ جس جگہ تکلیف ہو یہ اسم پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اس جگہ ملنے سے ان شاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

۱۰ جو شخص روزانہ گیارہ سو اکیس (۱۱۲۱) بار یہ اسم پڑھتا رہے ان شاء اللہ کبھی محتاج نہیں ہو گا۔

۱۱ اگر کوئی سورۃ والضحیٰ پڑھ کر یہ اسم پڑھے گا پھر کہے گا:

﴿اَللّٰھُمَّ یَسِّرْنِیْ لِلْیُسْرِ الَّذِیْ یَسَّرْتَہٗ لِکَثِیْرٍ مِّنْ خَلْقِکَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ﴾ تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے غیب سے مددگار بھیجے گا۔

۹۱ اَلْمَانِعُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْمَانِعُ جل جلالہ	ہلاکت وتباہی کو روکنے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ اگر بیوی سے جھگڑا یا ناچاقی ہو تو بستر پر لیٹے وقت بیس (۲۰) مرتبہ یہ اسم پڑھا کرے ان شاء اللہ جھگڑا ختم اور ناچاقی دور ہو جائے گی اور باہمی انس ومحبت پیدا ہو جائے گی۔

۲ جو کوئی بکثرت اس اسم کا ورد رکھے گا ان شاء اللہ وہ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔

۳ اگر کسی خاص اور جائز مقصد کے لئے یہ اسم مبارک پڑھے گا تو ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

۴ جو کوئی اس اسم کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا ان شاء اللہ دو شخصوں کے درمیان لڑائی ختم ہو جائے گی۔

۵ جو اپنی مراد تک نہ پہنچ سکے وہ اس کو صبح وشام پڑھا کرے ان شاء اللہ مراد حاصل ہوگی۔

﴿۹۲﴾ اَلضَّارُّ کے معنی اور اس کے خواص

اَلضَّارُّ جل جلالہٗ	ضرر پہنچانے والا

خواص پانچ ہیں:

﴿۱﴾ جو شخص شب جمعہ میں سو (۱۰۰) مرتبہ ﴿اَلضَّارُّ﴾ پڑھا کرے وہ ان شاء اللہ تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قرب خداوندی اسے حاصل ہو گا۔

﴿۲﴾ جو کوئی اس اسم پاک کو پڑھے اور ظالم کا نام لے' ان شاء اللہ اس کو ضرر پہنچے گا اور پڑھنے والا اس کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

﴿۳﴾ جس کو ایک حال و مقام میسر ہو سو (۱۰۰) بار شب جمعہ میں اس اسم کو پڑھنے کا معمول بنائے' اللہ تعالیٰ اس کو ہر مقام میں ثابت رکھے گا اور اہل قرب کے مرتبہ تک پہنچا دے گا اس مرتبہ کے آگے ظاہری کمال کی کچھ اصل نہیں۔

﴿۴﴾ جس کی عزت کم ہو' ہر شب جمعہ اور ایام بیض میں سو (۱۰۰) بار نماز عشاء کے بعد یہ اسم مبارک پڑھا کرے ان شاء اللہ محترم

رہے گا۔

۵ جو ہر شب جمعہ سو (۱۰۰) بار ﴿اَلضَّارُ النَّافِعُ﴾ پڑھا کرے گا' ان شاء اللہ اپنی قوم میں معزز اور جسمانی طور پر باعافیت رہے گا۔

۹۳ اَلنَّافِعُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلنَّافِعُ جل جلالہ	نفع پہنچانے والا

خواص سات ہیں:

۱ جو کوئی کشتی وغیرہ سواری میں سوار ہونے کے بعد ﴿اَلنَّافِعُ﴾ کثرت سے پڑھتا رہے ان شاء اللہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

۲ جو شخص کسی کام کو شروع کرتے وقت اکتالیس (۴۱) مرتبہ ﴿یَانَافِعُ﴾ پڑھا کرے ان شاء اللہ وہ کام حسب منشا ہو گا۔

۳ جو شخص بیوی سے جماع کرتے وقت یہ اسم پہلے پڑھ لیا کرے

تو ان شاء اللہ اولاد صالح نصیب ہو گی۔

۴ جو کوئی اس اسم کو پڑھ کر مریض پر دم کرے ان شاء اللہ وہ شفا پائے گا۔

۵ جو ماہ رجب میں اس کا ورد کرے گا ان شاء اللہ اسرار الٰہی سے آگاہ ہو گا۔

۶ جو چار (۴) روز جہاں تک ہو سکے پڑھے گا ان شاء اللہ کبھی کسی غم میں نہ پھنسے گا۔

۷ جو سفر حج میں اسے پڑھا کرے ان شاء اللہ بخیر گھر واپس آئے گا۔

۹۴ اَلنُّوْرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلنُّوْرُ جل جلالہ	نہایت روشن، روشن کرنے والا

خواص چار ہیں:

۱ جو شخص شب جمعہ میں سات (۷) مرتبہ سورۂ نور اور ایک ہزار (۱۰۰) بار اس اسم کو پڑھا کرے ان شاء اللہ اس کا دل نور الٰہی سے منور ہو جائے گا۔

۲ جو کوئی اس اسم کو ﴿اَلنَّافِعُ﴾ کے ساتھ ملا کر پڑھے اور مریض پر دم کرے تو ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

۳ جو صبح کے وقت اس کے ذکر کو لازم پکڑے گا اس کا دل روشن ہو گا۔

۴ جو کوئی اندھیرے کمرے میں آنکھیں بند کر کے اس اسم کا اس قدر ذکر کرے کہ حال طاری ہو جائے وہ عجیب وغریب انوار کا مشاہدہ کرے گا اور اس کا دل نور سے بھر جائے گا۔ یہ اسم اہل بصیرت ومکاشفات کے لئے بہت مناسب ہے۔

۹۵ اَلْھَادِیْ کے معنی اور اس کے خواص

الھادی جل جلالہ	ہدایت دینے والا

خواص آٹھ ہیں:

۱ جو شخص ہاتھ اٹھا کر آسمان کی طرف منہ کر کے بکثرت ﴿یَا ھَادِیْ﴾ پڑھے اور آخر میں چہرہ پر ہاتھ پھیر لے اس کو ان شاء اللہ کامل ہدایت نصیب ہو گی اور اہل معرفت میں شامل ہو جائے گا۔

۲ جو کوئی گیارہ سو (۱۱۰۰) بار ﴿یَا ھَادِیُ! اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ﴾ عشاء کی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے وہ ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ اور سیدھے راستے کی ہدایت نصیب ہوگی۔

۳ جب کسی کو کوئی مشکل پیش آئے وہ دو رکعت نماز پڑھے۔ اور دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد یہ اسم ایک سانس میں جس قدر ہو سکے پڑھے جب سانس ٹوٹ جائے تو دعا مانگے گا ان شاء اللہ قبول ہوگی۔

۴ جو کوئی سفر پر ہو اور اسے راستہ نہ ملے تو وہ کہے: ﴿یَا ھَادِیُ اِھْدِنِیْ﴾ ان شاء اللہ راستہ مل جائے گا۔

۵ اس کے ذکر سے یا لکھ کر پاس رکھنے سے بصیرت اور فہم صحیح پیدا ہوتا ہے۔ اس کا ذکر اہل حکومت کے لئے بھی مناسب ہے۔

۶ جو فرائض کے بعد چار سو (۴۰۰) بار اس کا ورد کرے گا اسے مدد عظیم حاصل ہوگی۔

۷ اگر بادشاہ اس کا اس قدر ذکر کریں کہ حال طاری ہو جائے تو رعایا ان کی فرماں دار ہوگی۔

(۸) سالکین کی سیر علوی (عالم بالا کی سیر) کے لئے اس کا ذکر مفید ہے

(۹۶) اَلْبَدِیْعُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْبَدِیْعُ جل جلالہ	نیا پیدا کرنے والا، بغیر مثال کے پیدا کرنے والا

خواص پانچ ہیں:

(۱) جس شخص کو کوئی غم یا مصیبت یا کوئی بھی مشکل پیش آئے وہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ﴿یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾ پڑھے ان شاء اللہ کشائش (کشادگی) نصیب ہوگی۔

(۲) جو شخص اس اسم کو باوضو پڑھتے ہوئے سو جائے تو جس کام کا ارادہ ہو ان شاء اللہ خواب میں نظر آجائے گا۔

(۳) جو کوئی نماز عشاء کے بعد ﴿یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ﴾ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ بارہ (۱۲) دن پڑھے گا تو جس کام کا یا مقصد کے لئے پڑھے گا وہ ان شاء اللہ پورا عمل ختم ہونے سے پہلے حاصل ہو جائے گا۔

(۴) کسی غم یا اہم حاجت کے لئے ستر ہزار (۷۰۰۰۰) مرتبہ ﴿یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾ پڑھے ان شاء اللہ غم

رفع ہوگا اور حاجت پوری ہوگی۔

۵ جو اس اسم کا بکثرت ورد کرے گا اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم وحکمت عطا کی جائے گی اور اللہ تعالیٰ اس کی زبان سے ان علوم کو جاری فرمائے گا جن کو وہ پہلے نہ جانتا ہو۔

۹۷ اَلْبَاقِیْ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْبَاقِیُ جل جلالہ	ہمیشہ باقی رہنے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ جو شخص اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ جمعہ کی رات میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ہر طرح کے ضرر ونقصان سے محفوظ رکھے گا اور ان شاء اللہ اس کے تمام نیک اعمال مقبول ہوں گے اور اسے غم سے خلاصی نصیب ہوگی۔

۲ جو سورج نکلنے سے پہلے سو (۱۰۰) بار روز یہ اسم مبارک پڑھے گا' ان شاء اللہ مرتے دم تک کوئی دکھ نہ پائے گا اور عاقبت (آخرت) میں بخشا جائے گا۔

۳ جو اس اسم کو پابندی سے ہفتہ کے دن کسی وقت دشمن کی مغلوبی

کی نیت سے باوضو بعد دو رکعت نفل سو (۱۰۰) بار پڑھے گا ان شاء اللہ دشمن اس کے مطیع و فرمانبردار ہوں گے۔

۴ جو اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد ایک سو تیرہ (۱۱۳) بار پڑھنے کا معمول بنائے گا اسے اس کے منصب سے کوئی معزول نہیں کر سکے گا خواہ اس کے خلاف جن و انس جمع ہو جائیں۔

۵ جو ایک سو (۱۰۰) بار ﴿یَابَاقِیُ﴾ پڑھتا رہے گا ان شاء اللہ اس کے اعمال مقبول ہوں گے۔

۹۸ اَلْوَارِثُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلْوَارِثُ جل جلالہ	تمام چیزوں کا حقیقی مالک، وہ ذات جو قائم و دائم ہے اور ہر چیز کے فنا ہونے کے بعد زمین اور اس کی تمام چیزوں کا اصلی مالک ہے

خواص تین ہیں:

۱ جو شخص طلوع آفتاب کے وقت سو (۱۰۰) مرتبہ ﴿یَاوَارِثُ﴾ پڑھے گا ان شاء اللہ دنیا و آخرت میں ہر رنج و غم اور سختی و مصیبت سے محفوظ رہے گا اور خاتمہ بالخیر ہوگا۔ یہ خفیہ رازوں

میں سے ہے۔

۲ جو کوئی مغرب عشاء کے درمیان ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے ہر طرح کی حیرانی و پریشانی سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔

۳ جو کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھتا رہے گا اس کے مال میں برکت ہوگی۔ اس کے سب کام برآئیں گے اور وہ امن میں رہے گا اور ان شاء اللہ اس کی عمر دراز ہوگی۔

۹۹ اَلرَّشِیْدُ کے معنی اور اس کے خواص

الرشید جل جلالہ	سب کا راہ نما، سب کو راہ راست دکھانے والا

خواص پانچ ہیں:

۱ جس کو اپنے کسی کام یا مقصد کی تدبیر سمجھ میں نہ آئے وہ مغرب وعشاء کے درمیان ایک ہزار (۱۰۰۰) بار ﴿یَارَشِیْدُ﴾ پڑھے ان شاء اللہ خواب میں تدبیر نظر آئے گی، یا دل میں اس کا القاء ہو جائے گا۔

۲ اگر روزانہ اس اسم کا وِرد رکھے تو ان شاء اللہ تمام مشکلات دور ہو جائیں گی اور کاروبار میں خوب ترقی ہو گی۔

۳ جو اس اسم مبارک کو مباشرت سے پہلے پڑھے ان شاء اللہ فرزند صالح و پرہیزگار پیدا ہو گا۔

۴ دُرست فیصلے کی طرف رہنمائی کے لئے اس اسم کو عشاء کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار پڑھنا مفید ہے۔

۵ جو عشاء کے بعد سو (۱۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے گا ان شاء اللہ اس کا عمل قبول ہو گا۔

۱۰۰ اَلصَّبُوْرُ کے معنی اور اس کے خواص

اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	بہت برداشت کرنے والا' بڑا بُردبار

خواص سات ہیں:

۱ جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے وہ ان شاء اللہ ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں' حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔

۲ جو کوئی کسی بھی مصیبت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار

بیس (۱۰۲۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

۴ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے اس کا رنج دور ہو اور سرور حاصل ہو۔

۵ تمام حاجات کے لئے اس کو دو سو اٹھانوے (۲۹۸) بار ہر روز پڑھے۔

۶ جس کو درد، رنج یا مصیبت پیش آئے تینتیس (۳۳) بار اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ اس کی پریشانی دور ہوگی۔

۷ جو آدھی رات میں یا دوپہر کو اس اسم کو پڑھنے کی مداومت کرے گا اس کو دشمنوں کی زبان بندی، خوشنودی اور بادشاہ کی رضامندی حاصل ہوگی یہ اسم دلوں کے غضب اور رنج و غم دور کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔

۸ یہ اسم مبارک اہل مجاہدہ کا ورد ہے کہ اس کے ذریعے انہیں ثابت قدمی نصیب ہوتی ہے۔

رُوحانی مجربات

حضرت مولانا محمد عمر صاحب پالن پوری رحمۃ اللہ

سانٹھ (۶۰) روحانی نسخے والے صاحب رحمۃ اللہ کی خاص الماری سے ملے

۱ ناسور یا داغ دھبہ کا روحانی علاج

﴿مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا﴾ (البقرہ: ۷۱)

اگر آپ کے بدن پر ناسور ہو یا کوئی داغ دھبہ ہو تو یہ آیت اکتالیس (۴۱) بار دوا یا مرہم پر پڑھ کر پھونکیں پھر استعمال کریں، ان شاء اللہ داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

۲ گردے اور پتے کی پتھری کا روحانی علاج

﴿وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهٰرُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۗ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۷۴﴾ (البقرہ:۷۴)

اگر آپ کو گردے اور پتے کی پتھری پریشان کرتی ہو تو یہ آیت اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر پانی پر دم کریں، اور اس وقت تک پیتے رہیں جب تک کامیابی نہ ہو۔ ان شاء اللہ خدا تعالیٰ شفا عطا فرمائیں گے۔

۳ موذی جانور یا دشمن سے حفاظت کا نسخہ

﴿صُمٌّۢ بُكۡمٌ عُمۡىٌ فَهُمۡ لَا يَرۡجِعُوۡنَ ﴿۱۸﴾﴾ (البقرہ:۱۸)

اگر راستہ میں کسی موذی جانور یا دشمن سے خوف محسوس ہو تو سات (۷) دفعہ اس پر مذکورہ آیت پڑھ کر پھونکیں۔

۴ غفلت دور کرنے کا نسخہ

﴿اُولٰٓـئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ رَّبِّهِمۡ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۵﴾﴾ (البقرہ:۵)

اگر آپ دین سے غافل اور سیدھے راستہ سے بھٹکے ہوئے ہیں یا برے افعال میں مبتلا ہیں تو مذکورہ آیت کو پانی پر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اکتالیس (۴۱) دن تک پیتے رہیں۔

۵ ہر درد سے شفا حاصل کرنے کا نسخہ

﴿وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ
وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۷﴾

(الانعام: ۱۷)

اگر آپ کو ہر قسم کی تکلیف اور درد سے شفا حاصل کرنی ہو تو سات (۷) یا گیارہ (۱۱) دفعہ مذکورہ آیت کو جس جگہ تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھیں اور دم کر دیں۔

۶ تنگی سے نجات حاصل کرنے کا نسخہ

﴿رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا
عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ
خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۱۱۴﴾ (المائد:۱۱۴)

اگر آپ رزق کی تنگی سے پریشان ہیں' یا کسی خاص چیز کے کھانے کی حاجت ہو تو مذکورہ آیت کو سات (۷) دفعہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں۔

۷ اولاد کے رشتہ کے لیے مجرب عمل

﴿اَمَّنۡ یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَ یَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ﴾

(النمل:٦٢)

اگر آپ کو اپنی اولاد کا رشتہ نہیں ملتا تو اٹھتے بیٹھتے مذکورہ آیت کا ورد جاری رکھیں۔

۸ مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کا نسخہ

﴿وَ قُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ وَ زَهَقَ الۡبَاطِلُ ؕ اِنَّ الۡبَاطِلَ کَانَ زَهُوۡقًا ﴿۸۱﴾﴾ (بنی اسرائیل: ٨١)

اگر آپ نے مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنی ہو تو روزانہ کسی نماز کے بعد ایک سو تینتیس (۱۳۳) دفعہ مذکورہ آیت پڑھ لو اگر حق پر ہو تو تب، ورنہ ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

۹ غصہ کو دور کرنے کا نسخہ

﴿وَ الۡکٰظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ وَ الۡعَافِیۡنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَ اللّٰہُ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۱۳۴﴾ۚ﴾ (آل عمران : ١٣٤)

اگر آپ کا غصہ شدید ہے اور آپے سے باہر ہو جاتے ہیں تو ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ مذکورہ آیت اکیس (۲۱) دن تک چینی یا شکر پر پڑھیں پھر اس کو چائے یا پانی میں ڈال کر پی جائیں۔

⑮ دل کی گھبراہٹ اور بیماری سے نجات کا نسخہ

﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝۲۸﴾ (الرعد: ۲۸)

اگر آپ کو دل کی گھبراہٹ اور بیماری دور کرنی ہو تو یہ آیت اکتالیس (۴۱) بار پانی پر دم کر کے پی لو!

⑯ لڑکی کے رشتہ کے لئے ایک مجرب عمل

﴿رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝۲۴﴾

(القصص: ۲۴)

اگر آپ کی لڑکی کے لئے رشتہ نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر رشتہ پسند نہ آتا ہو تو آپ ایک سو بارہ (۱۱۲) مرتبہ اس دعا کو اور تین (۳) دفعہ سورہ ضحیٰ پڑھیں، ہر مہینہ گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں اور تین مہینہ یہ عمل جاری رکھیں۔

۱۲ تنگی اور پریشانی دور کرنے کا نسخہ

﴿ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۱۰ ﴾ (الاعراف : ۱۰)

اگر آپ کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو، یا روزی کا ذریعہ نہ ہو، یا آپ رزق سے تنگ ہیں، یا مسافر ہیں، اور سامان آپ کے پاس کچھ نہیں ہے تو مذکورہ آیت کو ایک سو اکاون (۱۵۱) مرتبہ روزانہ پڑھ لو جب تک کامیابی نہ ہو۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

۱۳ عزت حاصل کرنے کا نسخہ

﴿ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۸۳ ﴾ (یٰس : ۸۳)

اگر آپ لوگوں کی نظروں سے گر گئے ہو اور چاہتے ہو کہ آپ کی عزت قائم ہو جائے تو آپ مذکورہ آیت کو گیارہ (۱۱) دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لو ان شاء اللہ آپ کامیاب ہو جاؤ گے۔

۱۴ نرینہ اولاد کے حصول اور رزق کی تنگی دور کرنے کیلئے بہترین نسخہ

﴿ وَّیُمۡدِدۡکُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّبَنِیۡنَ وَیَجۡعَلۡ لَّکُمۡ جَنّٰتٍ وَّیَجۡعَلۡ لَّکُمۡ اَنۡہٰرًا ﴿۱۲﴾ ﴾ (نوح:۱۲)

اگر آپ کے یہاں اولاد نرینہ نہیں ہے تو حمل ٹھہرتے ہی نو مہینے تک گیارہ (۱۱) مرتبہ روزانہ یہ آیت پڑھے رزق کی تنگی کو دور کرنے کے لئے بھی اس آیت کو روزانہ سات (۷) مرتبہ پڑھے۔

۱۵ میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کا نسخہ

﴿ وَمِنۡ اٰیٰتِہٖۤ اَنۡ خَلَقَ لَکُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ اَزۡوَاجًا لِّتَسۡکُنُوۡۤا اِلَیۡہَا وَجَعَلَ بَیۡنَکُمۡ مَّوَدَّۃً وَّرَحۡمَۃً ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ ﴿۲۱﴾ ﴾ (الروم:۲۱)

اگر آپ کو اپنی بیوی سے اختلاف ہے آپ میں محبت نہیں ہے تو اس آیت کو ننانوے (۹۹) دفعہ کسی مٹھائی پر تین (۳) دن پڑھ کر

دم کریں اور دونوں کھائیں۔

⑯ جادو کا روحانی علاج

﴿قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾﴾ (طٰہٰ:۶۸'۶۹)

اگر آپ کو شک ہے کہ آپ پر جادو کیا گیا ہے' یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کے لئے گیارہ (۱۱) دن تک سو (۱۰۰) دفعہ مذکورہ آیت پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں' یا اور کسی پر شک ہو تو اس پر پڑھ کر پھونکیں' اس عمل کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھیں۔

⑰ خاوند کو راہ راست پر لانے کا نسخہ

﴿قُلْ لَّا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾﴾ (المائدہ:۱۰۰)

اگر کسی کا خاوند دوسری عورت سے ناجائز تعلق رکھتا ہو' یا حرام کی کمائی گھر میں لاتا ہو تو اسے باز رکھنے کے لئے گیارہ (۱۱) دن تک ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ مذکورہ آیت کو' کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہو گی۔

۱۸ ہر جائز مراد کے لیے مجرب عمل

﴿اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ۝۹﴾ (الانفال:۹)

مسلمانوں پر واجب ہے کہ تمام امور میں اللہ پر توکل کریں' اس کے سوا کسی اور پر بھروسہ نہ کریں' مدد اور کامیابی اسی کے ہاتھ میں ہے جو سب کا پیدا کرنے والا ہے۔ ہر جائز مراد کے لیے چودہ (۱۴) دفعہ مذکورہ آیت گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں۔

۱۹ عزت' نیک نامی اور صحت بدن کے لیے مجرب عمل

﴿فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣٧﴾ (جاثیہ: ۳۶-۳۷)

اگر آپ کو عزت و آبرو اور وقار حاصل کرنا ہو یا بخار کو دور کرنا ہو یا زخم کو ٹھیک کرنا ہو یا اچھے کاموں میں نام پیدا کرنا ہو عمل کا وزن بھاری کرنا ہو تو روزانہ مذکورہ آیت سات (۷) دفعہ پڑھیں۔

۲۵ کند ذہن کا روحانی علاج

﴿وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿١١٣﴾﴾ (النساء: ۱۱۳)

اگر آپ کا بچہ یا کوئی طالب علم کند ذہن ہو تو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں ان شاء اللہ اس کی برکت سے عالم فاضل ہو جائے گا۔

۲۶ ہر رنج و غم دور کرنے کا بہترین نسخہ

﴿وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ﴾

(المؤمن: ٤٤)

عشاء کی نماز کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ پڑھنے سے ہر رنج وغم دور کرنے کے لئے غیب سے مدد کا دروازہ کھلتا ہے۔

۲۲ امتحان وغیرہ میں کامیابی کے لئے

مجرب عمل

﴿ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ۭ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ ﴾ (الانفال:٦٢)

فتح اور کامیابی کے لئے' یا امتحان میں آسان پرچوں کے لئے جانے سے پہلے سات (۷) دفعہ یہ آیت پڑھیں۔

۲۳ اپنی اولاد کی اصلاح کے لئے مجرب عمل

﴿ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّىْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾ ﴾ (الاحقاف:١٥)

اگر آپ اپنی اولاد کی فرمانبرداری چاہتے ہیں اور خدا کے لئے پسندیدہ عمل کرنا چاہتے ہیں تو مذکورہ آیت تین (۳) دفعہ روزانہ پڑھیں، ان شاء اللہ مفید ثابت ہوگی۔

۲۴ دل اور چہرے کو نورانی بنانے کا مجرب عمل

﴿ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ ﴾ (النور: ۳۵)

اگر آپ کو اپنے دل میں اور چہرے پر نور پیدا کرنا ہے تو روزانہ مذکورہ آیت ایک مرتبہ اپنے اوپر پڑھ کر پھونکیں۔

۲۵ بھٹکے ہوئے کو راہ راست پر لانے کا نسخہ

﴿ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ ﴾ (الصفت: ۱۱۸)

اگر آپ سیدھی راہ سے بھٹک جائیں، اچھائی برائی کی تمیز نہ رہے تو آپ تین سو تیرہ (۳۱۳) دفعہ مذکورہ آیت پانی پر دم کرکے اس وقت تک پیتے رہیں جب تک آپ کی حالت سدھر نہ جائے۔

۲۶ معذور کے لئے بہترین عمل

﴿ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۫ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ ۫ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۫ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ ﴾ (الاعراف: ۱۹۵)

اگر کوئی ہاتھ، پیر کان، آنکھ یا ٹانگ وغیرہ معذور ہے تو اس آیت کو کثرت سے پڑھیں اور پانی پر دم کرکے معذور کو پلائیں۔

۲۷ یرقان کا روحانی علاج

اگر کسی کو یرقان ہو گیا ہو تو پہلے سورۂ فاتحہ ایک بار، پھر سورۂ حشر سات (۷) دفعہ، پھر ایک بار سورۂ قریش پڑھ کر پانی پر دم کریں، اور مریض کو جب تک فائدہ نہ ہو پلاتے رہیں۔

۱۲۸ لاعلاج بیمار اور ظالم کے ظلم وستم سے نجات حاصل کرنے کا بہترین نسخہ

﴿فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝۱۰﴾ (القمر: ۱۰)

اگر کسی کو کوئی بیماری ہو اور ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو' یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہا تک پہنچ چکا ہو تو روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں' اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں یہ عمل اکیس (۲۱) روز تک کریں۔

۱۲۹ رزق میں برکت اور کام میں آسانی کے لئے مجرب عمل

رزق میں ترقی اور برکت کے لئے۔ یا کوئی کام بس سے باہر ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو۔ یا کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہو تو سورۂ مزمل ایک بیٹھک میں اکتالیس (۴۱) مرتبہ

تین (۳) دن تک پڑھیں، ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ لیکن اس عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہیے۔

۳۰ حج کی استطاعت حاصل کرنے کے لئے مجرب عمل

﴿لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا﴾ (فتح: ۲۷)

اگر آپ کو حج پر جانے کی طلب ہے اور کوئی وسیلہ جانے کا نہ ہو تو کثرت سے مذکورہ آیت کا ورد کریں، اس وقت تک جب تک امید پوری نہ ہو۔

۳۱ الفت و محبت پیدا کرنے کا بہترین نسخہ

﴿وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ

جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾ (الانفال: ٦٣)

اگر آپ کسی کے دل میں الفت و محبت پیدا کرنا چاہتے ہیں، یا خاندان میں نا اتفاقی ہو تو اتفاق پیدا کرنے کے لئے یہ آیت گیارہ (۱۱) دفعہ روزانہ پڑھیں۔

۳۲ ظالم کو دفع کرنے کے لئے جلالی عمل

﴿ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾ ﴾ (الانعام: ٤٥)

ظالم کو دفعہ کرنے کے لئے یہ آیت تین (۳) دن تک اکیس (۲۱) دفعہ پڑھنا مفید ہے، یہ آیت بڑی جلالی ہے اس کو ناجائز موقع پر پڑھنا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ جب ظالم کا ظلم نا قابل برداشت ہو تب یہ عمل کریں۔

۳۳ طالب اولاد کے لئے مجرب عمل

﴿ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ

﴿يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٧﴾﴾

(المائدہ:١٧)

اگر آپ اولاد سے محروم ہیں تو یہ آیت اکتالیس (۴۱) دن تک روزانہ تین سو (۳۰۰) دفعہ کسی میٹھی چیز پر دم کر کے آدھی خاوند اور آدھی بیوی کھائے۔

۳۴ رزق میں کشادگی اور کاروبار کی ترقی کے لئے مجرب عمل

﴿لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿٢٦﴾﴾ (لقمان:٢٦)

رزق میں کشادگی کے لئے، کاروبار کی ترقی کے لئے، یا نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے اس آیت کو روزانہ ایک سو اکتالیس (۱۴۱) دفعہ پڑھیں۔

۳۵ دشمن کے شر سے حفاظت کا بہترین نسخہ

﴿قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ (التوبہ:۵۱)

اگر کسی شخص کو دشمن سے تکلیف یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا تکلیف پہنچا تا ہو تو اس آیت کو روزانہ سات (۷) دفعہ پڑھے ان شاء اللہ اس کی اذیت سے محفوظ رہے گا۔

۳۶ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لئے مجرب عمل

﴿اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ (الاحزاب:۵۶)

جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہونے کا یا ان کی زیارت کا خواہش مند ہو وہ رات کو سوتے وقت اس کی تسبیح پڑھے۔ ان شاء اللہ جلد ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو گی۔

۳۷ اولاد کی حیات اور مصیبت سے نجات کا نسخہ

﴿وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ (الصفت:۸۶)

اگر کسی شخص کی اولاد مر جاتی ہو زندہ نہ رہتی ہو یا کسی سخت مصیبت میں

مبتلا رہتا ہو تو اس آیت کو روزانہ صبح و شام گیارہ (۱۱) دفعہ پڑھے۔

۳۶۸ جنت الفردوس کا وارث بننے کے لئے مجرب عمل

﴿ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ
خٰشِعُوْنَ ۝۲ وَ الَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳
وَالَّذِیْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴ وَالَّذِیْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ
حٰفِظُوْنَ ۝۵ اِلَّا عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ
فَاِنَّهُمْ غَیْرُ مَلُوْمِیْنَ ۝۶ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ
فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَ الَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ
وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝۸ وَ الَّذِیْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ
یُحَافِظُوْنَ ۝۹ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۱۰ الَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ
الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۱۱ ﴾

(المومنون: ۱ تا ۱۱)

رات کو سوتے وقت مذکورہ آیتیں ضرور پڑھیں۔ کیونکہ یہ آیتیں

عزت کی حفاظت کرتی ہیں بے نمازیوں کو رغبت دلاتی ہیں۔ بے ہودہ اور بری باتوں سے روکتی ہیں اور جنت الفردوس کا وارث بنا دیتی ہیں۔

۳۹ محروم الاولاد کے لئے مجرب عمل

﴿لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ﴾

(الشوریٰ:۴۹)

جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو وہ یہ آیت ایک سو تینتیس (۱۳۳) مرتبہ پانی پر دم کر کے فجر کی نماز کے بعد میاں بیوی دونوں پیئیں۔

۴۰ بیماری یا کمزوری کو دور کرنے کا نسخہ

﴿وَ كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَ لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾﴾ (یوسف:۵۶)

اگر کوئی بچہ یا شخص بیمار ہو، کمزور ہو یا سوکھتا چلا جا رہا ہو اور بظاہر

کوئی بیماری نظر نہ آتی ہو تو اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے، اور اکیس (۲۱) دن تک ایک سو اکتالیس دفعہ یہ آیت پڑھے، اور مریض پر دم کرے۔

۴۱ اولاد سے محروم حضرات کے لئے بہترین تحفہ

اگر آپ اولاد سے محروم ہیں تو روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ سورۃ الکوثر بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کی مراد ضرور پوری ہو گی۔

۴۲ رزق میں کشادگی کے لئے مجرب عمل

﴿اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَ يَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۶۲﴾ (العنکبوت:٦٢)

اگر آپ کو رزق میں کشادگی مطلوب ہے تو مذکورہ آیت گیارہ (۱۱) دفعہ فجر کے بعد پڑھیں۔

۴۳ جنون اور جادو وغیرہ کا شبہ زائل کرنے کا نسخہ

﴿ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ۝۲۰ مُّطَاعٍ ثَمَّ

اَمِیۡنٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا صَاحِبُکُمۡ بِمَجۡنُوۡنٍ ﴿۲۲﴾ وَ لَقَدۡ رَاٰہُ
بِالۡاُفُقِ الۡمُبِیۡنِ ﴿۲۳﴾ وَمَا ہُوَ عَلَی الۡغَیۡبِ بِضَنِیۡنٍ ﴿۲۴﴾
وَمَا ہُوَ بِقَوۡلِ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَیۡنَ تَذۡہَبُوۡنَ ﴿۲۶﴾
اِنۡ ہُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنۡ شَآءَ مِنۡکُمۡ اَنۡ
یَّسۡتَقِیۡمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ
الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲۹﴾ (التکویر: ۲۰ تا ۲۹)

اگر کسی شخص پر شبہ ہو کہ اس کا دماغی توازن بگڑتا جا رہا ہے۔ یا اپنی اصل حالت میں نہیں ہے۔ یا شبہ ہو کہ کسی نے اس پر کچھ کر دیا ہے تو اس آیت کو اکتالیس (۴۱) دفعہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

۴۲ بخار کی تیزی، غصہ اور ضد کو ختم کرنے کے لئے نہایت مفید عمل

﴿ قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰہِیۡمَ ﴿۶۹﴾ ﴾

(الانبیاء: ۶۹)

بخار کی تیزی ختم کرنے کے لئے یہ دعا بار بار پڑھ کر مریض پر دم

کریں، اور غصہ اور ضد کو ختم کرنے کے لئے بھی اس دعاء کا استعمال مفید ہے۔

۴۵ جھوٹے مقدموں، تہمتوں اور بے عزتی سے نجات پانے کا نسخہ

﴿وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸۲﴾

(یونس:۸۲)

اگر کوئی جھوٹے مقدمہ میں پھنس گیا ہو، یا کسی نے کسی پر جھوٹی تہمت لگائی ہو، یا کسی کی عزت پر کوئی حرف آیا ہو وہ اس آیت کو اٹھتے بیٹھتے کثرت سے پڑھے۔ ان شاء اللہ اسے کامیابی حاصل ہوگی۔

۴۶ حصول نعمت کے لئے مجرب عمل

﴿قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝۷۳ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾ (آل عمران: ۸۳تا۸۹)

اگر آپ کو اللہ کی ہر نعمت حاصل کرنی ہے تو یہ دعا صبح و شام روزانہ سات (۷) دفعہ پڑھیں اور ہر حال میں اللہ کا شکر کرتے رہیں۔

۱۷ نافرمان اولاد کی اصلاح کے لئے

مجرب عمل

﴿اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾﴾

(ھود:۵۶)

اگر آپ کی اولاد نافرمان ہے تو ان کی پیشانی کے بال پکڑ کر گیارہ (۱۱) مرتبہ یہ دعا پڑھیں اور ان پر دم کریں۔

۱۸ مرتے دم تک صحیح سلامت رہنے کا نسخہ

﴿فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۭ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴾ (الروم: ۳۰)

جو شخص چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام اعضاء درست رہیں، اور وہ تندرست رہے تو یہ آیت روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔

۴۹ اولاد سے محروم حضرات کے لئے بہترین ورد

﴿الَّذِیۡۤ اَحۡسَنَ کُلَّ شَیۡءٍ خَلَقَہٗ وَ بَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ
مِنۡ طِیۡنٍ ۚ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَہٗ مِنۡ سُلٰلَۃٍ مِّنۡ مَّآءٍ
مَّہِیۡنٍ ۚ﴿۸﴾ ثُمَّ سَوّٰىہُ وَ نَفَخَ فِیۡہِ مِنۡ رُّوۡحِہٖ وَ جَعَلَ
لَکُمُ السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ وَ الۡاَفۡـِٕدَۃَ ؕ قَلِیۡلًا مَّا
تَشۡکُرُوۡنَ ﴿۹﴾﴾ (السجدہ:۷ تا ۹)

اگر آپ اولاد کی نعمت سے محروم ہیں تو اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے کثرت سے ان آیات کا ورد کریں۔

۵۰ نامعلوم اور لاعلاج بیماری سے شفا کے لئے مجرب عمل

﴿اِذۡ نَادٰی رَبَّہٗۤ اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنۡتَ اَرۡحَمُ

الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾ (الانبیاء: ۸۳)

اگر آپ ایسی بیماری میں مبتلا ہیں جو سمجھ میں آنے والی نہیں ہے۔ یا لا علاج ہے تو مریض بذات خود اس آیت کا کثرت سے ورد کرے۔

۵۱ بیٹا یا بیٹی کے نکاح کے لئے مجرب عمل

﴿وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهْرًا وَ كَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا﴾ (الفرقان: ۵۹)

اگر آپ کے بیٹے یا بیٹی کا عقد نہ ہوتا ہو تو آپ اپنی اس مراد کے لئے یہ آیت اکیس (۲۱) دن تک تین سو تیرہ (۳۱۳) دفعہ پڑھیں۔

۵۲ ہر مشکل کی آسانی کے لئے مجرب عمل

﴿يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۴﴾ بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾﴾ (الروم: ۳، ۵)

ہر جائز مراد کے لئے اور ہر مشکل کی آسانی کے لئے ان آیتوں

کو ایک سو تیرہ (۱۱۳) دفعہ پڑھیں۔

۵۳ استخارہ میں درست بات معلوم کرنے کا نسخہ

﴿وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ﴿۱۴﴾﴾ (الملک: ۱۳ تا ۱۸)

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں اس کے بعد ان آیتوں کو ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر بغیر بات کیے سو جائیں۔ ان شاء اللہ درست بات معلوم ہو جائے گی۔

۵۴ دشمن سے حفاظت کا نسخہ

﴿اِنَّ اللّٰهَ یُدٰفِعُ عَنِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾﴾ (الحج:۳۸)

اگر کسی شخص کو ہر وقت دشمن سے خوف رہتا ہو یا اس کی دشمنی بڑھتی جا رہی ہو تو دشمن سے حفاظت کے لئے اس آیت کو گیارہ (۱۱) دفعہ پڑھیں۔

۵۵ سرطان، طاعون اور پھوڑے پھنسی سے بچنے کے لئے مجرب عمل

((یَا مَلِکُ یَا قُدُّوسُ، یَا سَلَامُ))

ہر شخص کو چاہئے کہ سرطان یا طاعون یا پھوڑے پھنسی کی بیماری سے بچنے کے لئے اس دعا کو صبح و شام گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ آپ محفوظ رہیں گے۔

۵۶ گناہوں میں مبتلا اور غافل کو راہ راست پر لانے کا نسخہ

﴿وَ اَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾﴾ (النازعات:۱۹)

جو سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہو یا برے افعال میں پڑ گیا ہو یا اللہ کی یاد سے غافل ہو گیا ہو تو اس آیت کو روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے اسے پلائیں۔

۵۷ مصائب سے نجات کا بہترین نسخہ

﴿سَلٰمٌ عَلَیۡکُمۡ بِمَا صَبَرۡتُمۡ فَنِعۡمَ عُقۡبَی الدَّارِ ﴿۲۴﴾﴾

(الرعد: ۲٤)

اگر کسی شخص کو حوادث روزگار نے ستا رکھا ہو، یا کسی شخص سے دکھ پہنچا ہو تو وہ اس دعا کو پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کے لئے دین و دنیا میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

۵۸ بدنامی سے بچنے کا عمدہ نسخہ

﴿وَلَا یَحۡزُنۡكَ قَوۡلُهُمۡ ۘ اِنَّ الۡعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِیۡعًا ؕ هُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۶۵﴾﴾ (یونس: ٦٥)

اگر کوئی آپ کو بدنام کرنے پر تلا ہے اور آپ کو اپنی عزت کا خطرہ ہے تو وہ اس دعا کو صبح و شام اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک دے۔

۵۹ غم اور پریشانی کو دور کرنے اور مالی حالت کو درست کرنے کا نسخہ

﴿ اِلَّا رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضۡلَهٗ كَانَ عَلَيۡكَ كَبِيۡرًا ﴿۸۷﴾ ﴾ (بنی اسرائیل: ۸۷)

اگر کوئی شخص غم میں یا اور کسی پریشانی میں ہو یا اس کی مالی حالت بگڑتی جارہی ہو تو اٹھتے بیٹھتے اس آیت کا ورد جاری رکھے۔

۶۰ دنیا اور آخرت کی نعمتوں کو حاصل کرنے کا شاندار نسخہ

﴿ مَثَلُ الۡجَنَّةِ الَّتِىۡ وُعِدَ الۡمُتَّقُوۡنَ ؕ فِيۡهَاۤ اَنۡهٰرٌ مِّنۡ مَّآءٍ غَيۡرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ لَّبَنٍ لَّمۡ يَتَغَيَّرۡ طَعۡمُهٗ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ خَمۡرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيۡنَ ۚ وَاَنۡهٰرٌ مِّنۡ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمۡ فِيۡهَا مِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغۡفِرَةٌ

مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ﴾ (محمد: ۱۵)

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ دنیا میں بھی وہ ہر نعمت سے نوازا جائے اور آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ اس کو کسی نعمت سے محروم نہ کریں تو وہ اس آیت کو صبح وشام تین (۳) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ وہ دین ودنیا کی نعمتوں سے مالا مال رہے گا۔

سولہ (۱۶) آیات حفاظت

ہر قسم کی بیماری، مصیبت، تجارتی قرض، دشمنوں سے حفاظت کا نسخہ

ہر قسم کی بیماری مصیبت، تجارتی قرض، دشمنوں سے بچاؤ اور حفاظت میں اللہ تعالیٰ کے چاہنے سے یہ دعا پڑھی جائے تو کبھی کبھی تو شام تک نتیجہ سامنے آجاتا ہے اور کبھی اللہ کے چاہنے سے تھوڑا انتظار کرنا پڑسکتا ہے لیکن تاثیر الحمدللہ اپنے وقت پر اثر دکھا کر رہتی ہے۔

دعا کے وقت صرف عربی متن ہی پڑھیں۔ ترجمہ اس لیے لکھا گیا ہے کہ پڑھنے والا یہ سمجھ سکے کہ کیا کچھ پڑھ رہا ہے۔

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

۱ ﴿وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ﴿٢٥٥﴾﴾

"اور ان سب کی حفاظت کرنے میں وہ کبھی تھکتا نہیں، وہ بہت عالی شان اور عظیم الشان ہے۔" (سورہ بقرہ آیت ۲۵۵)

۲ ﴿فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ﴾

''بہتر حفاظت کرنے والا تو بس اللہ ہی ہے اور وہی سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔'' (سورہ یوسف' آیت ۶۴)

۳ ﴿وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۷﴾

(سورہ صفت' آیت ۷)

''اور آسمان کو ہم نے ہر مردود شیطان کے شر سے محفوظ کر دیا۔''

۴ ﴿وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۱۲﴾

''اور مکمل حفاظت ہے۔ یہ اندازہ باندھا ہوا ہے غالب علم والے کا۔'' (سورہ حم السجدہ' آیت ۱۲)

۵ ﴿وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۱۷﴾ (سورہ حجر آیت ۱۷)

''اور آسمان کی حفاظت کے لیے ہم نے ہر شیطان مردود پر انگاروں کا پتھراو جاری کر دیا۔''

۶ ﴿اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۴﴾ (سورہ طارق آیت ۴)

''ایسی کوئی بھی جان نہیں ہے کہ اس پر محافظ مقرر نہ ہو۔''

۷ ﴿بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۲۱ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۲۲﴾

''بلکہ یہ تو وہ قرآن ہے جو بڑی شان والا ہے جیسا لوح محفوظ

میں تھا ویسا ہی یہاں آیا ہے۔" (سورہ بروج' آیت ۲۱'۲۲)

۸ ﴿وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً﴾ (سورہ انعام' آیت ۶۱)

"اور اللہ تم پر حفاظت کرنے والے پہرے دار بھیجتا ہے۔"

۹ ﴿إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ۝٥٧﴾ (سورہ ھود' آیت ۵۷)

"بے شک میرا رب ہر چیز پر خود ہی نگہبان اور حفاظت فرمانے والا ہے۔"

۱۰ ﴿لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ﴾ (سورہ رعد' آیت ۱۱)

"اللہ نے ہر شخص کے آگے پیچھے لگے ہوئے چوکیدار مقرر کر دیئے ہیں جو اللہ کے حکم سے آدمی کی حفاظت کرتے ہیں۔"

۱۱ ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝٩﴾

"بے شک اس نصیحت نامہ کو ہم نے نازل فرمایا ہے اور یقیناً ہم اس کی حفاظت کریں گے۔" (سورہ حجر' آیت ۹)

۱۲ ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝٩﴾

(سورہ انبیاء' آیت ۸۲)

"اور ان سب کے لیے حفاظت کرنے والے ہم تھے۔"

۱۳ ﴿وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۲۱﴾﴾ (سورہ سبا' آیت ۲۱)

"جب کہ آپ کا رب تو ہر چیز کی خود ہی حفاظت کرنے والا ہے۔"

۱۴ ﴿اَللّٰهُ حَفِیْظٌ عَلَیْهِمْ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ﴾

"ان کی حفاظت صرف اللہ کرتا ہے ان کی نگرانی کرنا آپ کی ذمہ داری نہیں۔" (سورہ شوریٰ' آیت ۶)

۱۵ ﴿وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِیْظٌ ﴿۴﴾﴾ (سورہ ق' آیت ۴)


"ہمارے پاس حفاظت کا دستور لکھا ہوا موجود ہے۔"

۱۶ ﴿وَاِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ ﴿۱۰﴾﴾ (سورہ انفطار' آیت ۱۰)

"اور بے شک تم پر حفاظت کرنے والے فرشتے مقرر ہیں۔"

افکار عالیہ۔ اللہ کا ذکر ہر حال میں

جب کوئی بھی کام شروع کرے تو کہے	بِسْمِ اللّٰہِ
جب کسی کام کے کرنے کا وعدہ کرے تو کہے	اِنْ شَاءَ اللّٰہ
جب کسی خوبی کی تعریف کرے تو کہے	سُبْحَانَ اللّٰہ
جب کوئی دکھ تکلیف پیش آئے تو کہے	یَاآللّٰہُ
جب کسی کو پسندیدگی سے دیکھے تو کہے	مَاشَاءَ اللّٰہُ
جب کسی کا شکریہ ادا کرے تو کہے	جَزَاكَ اللّٰہ
جب نیند سے بیدا ہو تو کہے	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
جب چھینک آئے تو کہے	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
جب کوئی چھینکے تو دوسرا کہے	یَرْحَمُكَ اللّٰہ
بھول چوک سے گناہ سرزد ہو جائے تو کہے	اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ
جب کسی کو کچھ خیرات کرے تو کہے	فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ
جب کسی کو رخصت کرے تو کہے	فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ
کوئی مصیبت یا مشکل درپیش ہو تو کہے	تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰہِ
ناپسندیدہ کلمات سنے یا کہے ہوں تو کہے	نَعُوْذُ بِاللّٰہِ
کوئی دل پسند بات کہے یا سنے تو کہے	فَتَبَارَكَ اللّٰہُ
جب دعا میں شریک ہو تو کہے	اٰمِیْن
جب کسی کی موت کی خبر ملے تو کہے	اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن



تابعین کی زندگیاں
صحابہ کی زندگیاں
تحفۂ حفاظ
منتخب احادیث
مکتبہ خلیل
یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ
اردو بازار لاہور